Downloaded from awazeinqilab.com

ڈرائنگ

ساتویں جماعت کے لیے

7

Free From Government
NOT FOR SALE

خیبر پختونخوا ٹیکسٹ بک بورڈ پشاور

awazeinqilab.com
Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Download PDF MCQs, Books and Notes for any subject from the Largest website for free

awazeinqilab.com آوازانقلاب ڈاٹ کام

and also Available in Play Store

Primary (5th) Level

Middle (8th) Level

Matric (10th) Level

F. Sc (12th) Level

BS (16th) Level

Urdu Grammar

Curriculum (Govt Books)

Past Papers

English Grammar

Readymade CV

NTS, FTS, CSS, PMS, ETEA, KPPSC, PPSC, SPSC, AJKPSC, BPSC, KPTA ETC

ہر Subject کے Notes اور MCQS فری
ڈاون لوڈ کریں۔ نیز CV کے MS word تیار
Templates ڈاون لوڈ کر کے اپنے حساب
سے Modify کریں۔

Available Subjects

- Agriculture
- Computer Science
- Economics
- English
- Biology
- Chemistry
- Geology
- Management Sciences
- Microbiology
- PCRS/ Pak Study
- Pharmacy
- Sociology
- Zoology
- Chemistry
- Statistics
- Physics
- Mathematics
- Law
- Environmental Sciences
- Botany
- Biotechnology
- Library & Information Sciences
- Journalism & Mass Communication
- Political Science
- Geography
- General Science
- Education
- Tourism & Hotel Management
- Urdu
- Pashto
- Islamic & Arabic Studies
- Electrical Engineering
- Civil Engineering
- Mechanical Engineering
- Chemical Engineering
- Software Engineering
- Election Officer
- General Knowledge
- Pedagogy
- Current Affairs
- Medical Subjects
- Judiciary & Law
- other

awazeinqilab.com

WhatsApp : 03025247378

Downloaded from awazeinqilab.com

ڈرائنگ

ساتویں جماعت کے لیے

لیڈنگ بک پبلشرز

خیبر پختونخوا ٹیکسٹ بک بورڈ پشاور

سچا اور دیانت دار تاجر

انبیاء صدیقین اور شہداء

کے ساتھ ہو گا۔

(ترمذی)

awazeinqilab.com

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

جملہ حقوق بحق لیڈنگ بک پبلشرز محفوظ ہیں

منظور کردہ: نظامت نصاب و تعلیمِ اساتذہ خیبر پختونخوا، ایبٹ آباد

بمطابق: قومی نصاب 2007

مراسلہ نمبر 8119-21/SS-V مؤرخہ 04-12-2014

مصنف: فیصل سلطان کوہ زاد (ایم۔ایف۔اے)

آرٹ ٹیچر ورکنگ فوکس گرائمر سکول مینگورہ سوات

نگران نظر ثانی کمیٹی:۔ سید بشیر حسین شاہ ڈائریکٹر (DCTE) ایبٹ آباد

لیاقت علی (SDM) جی۔ایچ۔ایس جھنگڑہ (حویلیاں)

ذوالفقار علی اسٹنٹ پروفیسر جی پی جی سی نمبر 1 ایبٹ آباد

میڈم سمیعہ دانش (D.C.T.E) ایبٹ آباد

محمد الیاس ماہر مضمون خیبر پختونخوا ٹیکسٹ بک بورڈ پشاور

مدیر: محمد الیاس ماہر مضمون خیبر پختونخوا ٹیکسٹ بک بورڈ پشاور

طباعت زیرِ نگرانی و رہنمائی:۔ عصمت اللہ خان گنڈاپور، (چیئرمین)

سعید الرحمٰن (ممبر ای اینڈ پی)

خیبر پختونخوا ٹیکسٹ بک بورڈ، پشاور

تعلیمی سال: 2020-21

ویب سائٹ: www.kptbb.gov.pk

ای میل: membertbb@yahoo.com

فون نمبر: 091-9217159-60

فہرست عنوانات

باب نمبر 1	ڈرائنگ کے لیے ضروری لوازمات (Essentials of Drawing)	1
1.1	جیومیٹری کے آلات (Geometrical Tools)	2
1.2	ڈرائنگ میں استعمال ہونے والی اشیاء (Drawing Materials)	6
1.3	بلاکنگ یا خانہ بندی (Blocking in free hand drawing)	13
1.4	مرکزی نقطہ یا دلچسپی کا مرکز (Centre of Interest Focal Point)	16
1.5	آلات کے ذریعے جیومیٹری کے اشکال بنانا (Drawing Geometrical Shapes with Instruments)	19
1.6	نمونے بنانا (Making Patterns)	21
1.7	جیومیٹری کی بنیادی اشکال کی مدد سے ڈرائنگ بنانا (Drawing with Basic Shapes)	23
1.8	بنیادی تناظر (Basic Perspective)	26
1.9	ٹھوس جسم کے مختلف مناظر (Different Views of a Solid)	29
1.10	ٹھوس اجسام کی پروجیکشن (Projection of Solids)	30
باب نمبر 2	ڈرائنگ کے معاونات (Supplement to Drawing)	34
2.1	کمپوزیشن کے اصول (Principles of Composition)	35
2.2	رنگ (Colours)	39
2.3	رنگوں کا گہرا یا ہلکا پن (Tones and Tints)	40
2.4	تیسرے درجے کے رنگ (Tertiary Colours)	41
2.5	یک رنگی اور کثیر رنگی ملاپ (Monochromatic and Poly Chromatic)	45

awazeinqilab.com

Whatsapp: 03025247378

Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

ڈرائنگ

ساتویں جماعت کے لیے

لیڈنگ بُک پبلشرز

خیبر پختونخوا ٹیکسٹ بک بورڈ پشاور

سچا اور دیانت دار تاجر
انبیاء صدیقین اور شہداء
کے ساتھ ہو گا۔
(ترمذی)

awazeinqilab.com

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

فہرست عنوانات

باب نمبر 1	ڈرائنگ کے لیے ضروری لوازمات (Essentials of Drawing)	1
1.1	جیومیٹری کے آلات (Geometrical Tools)	2
1.2	ڈرائنگ میں استعمال ہونے والی اشیاء (Drawing Materials)	6
1.3	بلاکنگ یا خانہ بندی (Blocking in free hand drawing)	13
1.4	مرکزی نقطہ یا دلچسپی کا مرکز (Centre of Interest Focal Point)	16
1.5	آلات کے ذریعے جیومیٹری کے اشکال بنانا (Drawing Geometrical Shapes with Instruments)	19
1.6	نمونے بنانا (Making Patterns)	21
1.7	جیومیٹری کی بنیادی اشکال کی مدد سے ڈرائنگ بنانا (Drawing with Basic Shapes)	23
1.8	بنیادی تناظر (Basic Perspective)	26
1.9	ٹھوس جسم کے مختلف مناظر (Different Views of a Solid)	29
1.10	ٹھوس اجسام کی پروجیکشن (Projection of Solids)	30
باب نمبر 2	ڈرائنگ کے معاونات (Supplement to Drawing)	34
2.1	کمپوزیشن کے اصول (Principles of Composition)	35
2.2	رنگ (Colours)	39
2.3	رنگوں کا گہرا یا ہلکا پن (Tones and Tints)	40
2.4	تیسرے درجے کے رنگ (Tertiary Colours)	41
2.5	یک رنگی اور کثیر رنگی ملاپ (Monochromatic and Poly Chromatic)	45

جملہ حقوق بحق لیڈنگ بک پبلشرز محفوظ ہیں

منظور کردہ: نظامت نصاب و تعلیمِ اساتذہ خیبر پختونخوا، ایبٹ آباد

بمطابق: قومی نصاب 2007

مراسلہ نمبر 8119-21/SS-V مؤرخہ 04-12-2014

مصنف: فیصل سلطان کوہ زاد (ایم۔ایف۔اے)

آرٹ ٹیچر ورکنگ فوکس گرائمر سکول مینگورہ سوات

نگران نظر ثانی کمیٹی:۔ سید بشیر حسین شاہ ڈائریکٹر (DCTE) ایبٹ آباد

لیاقت علی (SDM) جی۔ایچ۔ایس جھنگڑہ (حویلیاں)

ذوالفقار علی اسٹنٹ پروفیسر جی پی جی سی نمبر 1 ایبٹ آباد

میڈم سمیعہ دانش (D.C.T.E) ایبٹ آباد

محمد الیاس ماہر مضمون خیبر پختونخوا ٹیکسٹ بک بورڈ پشاور

مدیر: محمد الیاس ماہر مضمون خیبر پختونخوا ٹیکسٹ بک بورڈ پشاور

طباعت زیرنگرانی ورہنمائی:۔ عصمت اللہ خان گنڈاپور، (چیئرمین)

سعید الرحمٰن (ممبر ای اینڈ پی)

خیبر پختونخوا ٹیکسٹ بک بورڈ، پشاور

تعلیمی سال: 2020-21

ویب سائٹ: www.kptbb.gov.pk

ای میل: membertbb@yahoo.com

فون نمبر: 091-9217159-60

Whatsapp: 03025247378

Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

تعارف

اُمید ہے کہ آپ نے چھٹی (6th) کلاس کی ڈرائنگ کی کتاب اچھی طرح پڑھی ہوگی اور اس میں شامل تمام عملی سرگرمیاں بھی کی ہوں گی جس سے آپ کو ڈرائنگ کا بنیادی علم اور تجربہ حاصل ہو چکا ہوگا۔ یہ کتاب اس سلسلے کی ایک اور کڑی ہے۔ ڈرائنگ سیکھنے کے لئے ایک پنسل اور استقامت درکار ہوتی ہے۔ ڈرائنگ آسان ہے لیکن اس کے لئے زیادہ مشق کی ضرورت ہوتی ہے۔ روزانہ مشق کرنے سے آپ کا اعتماد بڑھ جائے گا۔ ہمیشہ اپنے پاس سکیچ بک رکھا کریں تا کہ جب بھی آپ کسی دلچسپ چیز کو دیکھیں تو آپ اس کو کھول کر کام کرنا شروع کریں۔ کبھی بھی یہ مت سوچیں کہ آپ کی ڈرائنگ صحیح ہے یا غلط اگر آپ صحیح طور پر ڈرائنگ نہیں کر سکتے تو آپ یہ سوچیں کہ ابھی آپ سیکھ رہے ہیں روزانہ مشق کرنے سے آپ کے کام میں ضرور بہتری آئے گی۔





2.6	تکمیلی رنگ (Complementary Colours)	46
2.7	واٹر کلر شیٹ کو پھیلانا (Stretching Mounting of Water Colour Paper)	48
2.8	واٹر کلر کے بنیادی طریقے (Basic Water Colour Techniques)	49
2.9	روشنی شیڈ اور سایہ (Light, Shade and Shadow)	56
2.10	کھردراپن (Texture)	60
باب نمبر3	**ڈرائنگ کا اطلاق (Application of Drawing)**	**66**
3.1	سٹینسل ڈیزائن بنانا (Stencilling)	67
3.2	ماڈل سازی (Model Making)	70
باب نمبر4	**مشاہدہ کرنا اور اُسے حقیقت میں لانا (Observation and Actualization)**	**73**
4.1	مشاہدہ (Observation)	74
4.2	سٹل لائف (Still Life)	77
باب نمبر5	**ابلاغ اور نمائش (Communication and Exhibition)**	**81**
5.1	ابلاغ بذریعہ آرٹ (Art Communication)	82
5.2	آرٹ ورک (فن پاروں کو محفوظ رکھنا) (Maintaining Art Work)	84
5.3	حاشیہ اور فریم لگانا (Matting and Framing)	86

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com



باب نمبر 1

ڈرائنگ کے لیے لوازمات
(Essentials of Drawing)

اس باب کے پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- جیومیٹری اور آرٹ کے آلات استعمال کر سکیں۔
- فری ہینڈ ڈرائنگ میں بلاکنگ کر سکیں۔
- فری ہینڈ ڈرائنگ کر سکیں۔
- جیومیٹری کے آلات کی مدد سے اشکال بنا سکیں۔
- جیومیٹری کی بنیادی اشکال کی مدد سے ڈرائنگ بنا سکیں۔
- بنیادی تناظر کے بارے میں جان سکیں۔
- ٹھوس اجسام کی عکس بندی کر سکیں۔



NOT FOR SALE

awazeinqilab.com
Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

1.1 جیومیٹری کے آلات Geometrical Tools

ایک صاف ستھری ڈرائنگ بنانے کے لیے اچھے اور بہترین قسم کے آلات اور لوازمات کی ضرورت ہوتی ہے۔

جیومیٹری کے چند عام آلات مندرجہ ذیل ہیں۔

1۔ پیمانہ (Scale)

یہ لمبائی ناپنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ ہم اس کی مدد سے سیدھی لکیریں بھی کھینچتے ہیں۔ اس کے کناروں پر درجے لکھے ہوتے ہیں۔ جو لمبائی کو مختلف اکائیوں مثلاً ملی میٹر، سنٹی میٹر، ڈیسی میٹر اور انچ وغیرہ میں ظاہر کرتے ہیں۔ پیمانے کو عام طور پر لمبائی ناپنے یا خاص پیمائش کی لکیریں کھینچنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔



سرگرمی: 1.1

(i) مندرجہ ذیل خطوط کی پیمائش سنٹی میٹر میں معلوم کریں اور اس کو ہر لکیر کے نیچے لکھیں۔

(ii) پیمانہ استعمال کرتے ہوئے 3 سنٹی میٹر، 13 ملی میٹر اور 4 انچ لمبائی والی لکیریں کھینچیں۔

NOT FOR SALE

سرگرمی: 1.2

اپنے ڈیسک کی لمبائی، چوڑائی اور اونچائی معلوم کریں۔



2۔ ڈیوائیڈر (Divider)

یہ دو یا دو سے زیادہ دیے گئے خطوط کی لمبائی کے موازنہ کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ کسی خط کو برابر حصوں میں تقسیم کرنے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

3۔ پروٹریکٹر (Protractor)

یہ انگریزی کے حرف "D" کی شکل کا ہوتا ہے یہ زاویوں کی پیمائش کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اس کے گول کنارے پر 180 تک درجے لکھے ہوتے ہیں اس کا دوسرا کنارہ بالکل سیدھا ہوتا ہے اور اس پر ایک افقی لکیر ہوتی ہے جس کو ایک عمودی خط درمیان میں قطع کرتا ہے یہی درمیانی نقطہ اس کا مرکز ہوتا ہے۔ کسی زاویے کی پیمائش کرنے کے لیے اس مرکز کو زاویے کی نوک پر اس طرح رکھا جاتا ہے کہ اس کی افقی لکیر زاویے کے کسی ایک بازو کے بالکل اوپر آجائے اب زاویے کے دوسرے بازو کے اوپر پروٹریکٹر کا درجہ نوٹ کیا جاتا ہے جس سے زاویے کے درجے کا پتہ چلتا ہے۔



NOT FOR SALE

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

سرگرمی: 1.3

(i) پروٹریکٹر استعمال کرتے ہوئے مندرجہ ذیل زاویوں کی پیمائش کرکے ہر ایک کے نیچے اُس کا درجہ لکھیں۔



(ii) 10، 37، 65، 82 اور 145 درجے کے زاویے بنائیں۔

4- پرکار (Compass)

یہ دائرے کھینچنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اس کی مدد سے ہم مختلف سائز کے دائرے بنا سکتے ہیں۔ دائرے کے سائز کا انحصار اس کے نصف قطر پر ہوتا ہے۔ پرکار کی مدد سے ہم دائرے کے محیط پر قوس بھی کھینچ سکتے ہیں۔

سرگرمی: 1.4

اپنی سکیچ بک میں 3 سم، 7 سم اور 2 انچ نصف قطر کے دائرے بنائیں۔

5- سیٹ سکوئیر (Set Squares)

یہ تکونی شکل کے دو آلے ہیں۔ ایک پر 30 - 60 اور 90 درجے کے زاویے ہوتے ہیں اور دوسرے پر 75- 45 اور 90 درجے کے زاویے درج ہوتے ہیں۔ اس سے بڑی آسانی کے ساتھ مندرجہ بالا زاویے بنائے جا سکتے ہیں۔ اس کو عمودی اور متوازی لکیریں کھینچنے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

سرگرمی: 1.5

سیٹ سکوئیر استعمال کرتے ہوئے 30, 60, 45 اور 90 درجے کے زاویے بنائیں اور استاد کی مدد سے متوازی لکیریں بھی کھینچیں۔

جیومیٹری کے آلات کے استعمال کے لیے مفید تجاویز:

- یہ تسلی کرلیں کہ آپ کے آلات مثلاً پیمانہ، پروٹریکٹر، سیٹ سکوئیر وغیرہ ٹھیک حالت میں ہوں اور ان کے کنارے ٹوٹے ہوئے نہ ہوں۔
- آلات کو احتیاط سے پکڑیں تاکہ ریڈنگ لیتے وقت یہ ہل نہ پائیں۔
- جیومیٹری میں درست ریڈنگ بہت اہم ہے اس لیے ریڈنگ لیتے وقت آلات کو بہت احتیاط کے ساتھ رکھیں۔

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

- ہمیشہ نوکیلی پنسل استعمال کریں۔
- ریڈنگ لیتے وقت آنکھ کو آلے کے بالکل اوپر رکھیں اور اگر ضرورت ہوتو ایک آنکھ بند کردیں۔

1.2 ڈرائنگ میں استعمال ہونے والے اشیاء Drawing Material

1۔ رنگین پنسلیں (Coloured Pencils)

یہ آرٹ میں استعمال ہونے والی اشیاء میں بہت اہم ہیں۔ اپنی پنسلیں صرف شارپنر سے تیز کریں۔ استعمال کے بعد اپنی پنسلوں کو گِنتا اور پیکٹ یا باکس میں رکھنا نہ بھولیں۔

2۔ مومی چاک (Oil Crayones)

یہ رنگین چاک کی طرح ہوتے ہیں۔ ان کی دو اقسام ہیں۔

i۔ روغنی چاک (Oil Crayones)

ii۔ مومی چاک (Wax Crayones)

3۔ پاؤڈر کلر (Powder Colour)

یہ رنگ پاؤڈر کی شکل میں چھوٹی بوتلوں میں ملتے ہیں۔ ضرورت کے مطابق اسے پانی میں حل کیا جاتا ہے۔ انہیں واٹر کلر کی طرح استعمال کیا جاتا ہے۔

4۔ واٹر کلر (Water Colour)



جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اس کو پانی میں حل کر کے بنایا جاتا ہے اگر واٹر کلر ٹیوب کی صورت میں ہو تو تھوڑا سا رنگ اپنے رنگوں والے ٹرے میں نکالیں تھوڑا رنگ بھی کافی ہوتا ہے۔ لیکن اگر آپ نے زیادہ نکال لیا ہو اور دوبارہ استعمال پر یہ خشک ہوگیا ہو تو چند قطرے پانی ملانے سے یہ دوبارہ قابل استعمال ہوجائے گا۔ اگر واٹر کلر ٹکیہ کی شکل میں ہوں تو ٹکیہ کے اوپر رنگ کی آمیزش نہ کریں۔

5۔ پانی کے برتن (Water Container)

آپ کے پاس پانی کے لیے دو برتن ضرور ہونے چاہیے۔ ایک بُرش صاف کرنے کے لیے اور دوسرے سے صاف پانی لے کر رنگ بنانے کیلئے۔

6۔ رنگوں کی آمیزش والی ٹرے (Palette)

یہ پلاسٹک کی بنی ہوئی سفید ٹرے ہوتی ہے جس میں خانے ہوتے ہیں۔ یہ رنگ مکس کرنے کے لیے استعمال ہوتی

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

ہے۔ اگر ٹرے دستیاب نہ ہوتو آپ اس مقصد کے لیے کوئی بھی پلاسٹک کی بنی ہوئی سفید پلیٹ استعمال کر سکتے ہیں۔

7۔ چسپاں پٹی یا ٹیپ (Paper/Mounting Tap)



یہ کاغذ کی پٹی ہوتی ہے جس کے سطح پر خشک گلو (Glue) لگا ہوتا ہے استعمال کرتے وقت گلو والی سطح کو گیلا کیا جاتا ہے تاکہ چپک سکے یہ واٹرکلر والے کاغذ کو پھیلائے رکھنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ ٹیپ کو نمی سے بچا کر رکھیں۔

8۔ پینٹنگ میں استعمال ہونے والے بُرش

i۔ واٹرکلر کے بُرش (Water Colour Brushed)

یہ چھوٹے اور بڑے ہر سائز میں دستیاب ہوتے ہیں۔ یہ گول اور چپٹے دونوں طرح کے ہوتے ہیں۔ زیادہ رقبے کو پینٹ کرنے کے لیے چپٹے بُرش استعمال ہوتے ہیں جبکہ گول برش تفصیلی اور باریک لکیروں کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ واٹرکلر کے برشوں کو صرف کاغذ پر استعمال کریں۔ استعمال کرنے کے بعد بُرش ہمیشہ ڈھکن سے ڈھانپ لیں۔ یہ تسلی کرلیں کہ آپ نے واٹرکلر کا برش خریدا ہے نہ کہ پوسٹرکلر کا کیونکہ یہ دونوں بہت ملتے جلتے ہیں۔ ان میں فرق صرف یہ ہے کہ واٹرکلر کے برش پوسٹر کلر کے

NOT FOR SALE

برش کے مقابلے میں زیادہ پانی جذب کرتے ہیں۔ پینٹنگ ختم کرنے کے بعد اپنے برشوں کو صاف پانی سے اچھی طرح دھولیں تاکہ ان سے سارا رنگ صاف ہوجائے کیونکہ جب ان کے اوپر لگا ہوا رنگ خشک ہوجاتا ہے تو یہ برش کو خراب کردیتا ہے۔

سوچیں! اگر آپ کے برش ڈھکن کے بغیر ہے تو آپ اس کے لیے ڈھکن کیسے تیار کریں گے۔

9۔ واٹرکلر شیٹ یا سکالرشیٹ (Water Colour/ Scholar Sheet)



واٹرکلر کی پینٹنگ کے لیے خاص کاغذ استعمال ہوتا ہے جسے "واٹرکلر شیٹ" کہتے ہیں لیکن یہ مہنگی ہوتی ہے اس کی جگہ سکالرشیٹ بھی استعمال ہوسکتی ہے۔ جو نسبتاً سستی ہوتی ہے۔ پینٹنگ سے پہلے کاغذ کو پھیلائیں ورنہ اس میں سلوٹیں پڑجاتی ہیں۔ اپنے پینٹنگ پیپر کو اپنی پورٹ فولیو یا فائل میں پھیلی ہوئی حالت میں رکھیں تاکہ خراب نہ ہو۔

10۔ پوسٹرکلر (Poster Colours)

پوسٹرکلر چھوٹی بوتلوں میں ملتے ہیں یہ خمیر کی شکل میں ہوتے ہیں اس کو پانی ملاکر نرم کیا جاتا ہے۔ بنیادی طور پر یہ کسی رقبے پر رنگ کی موٹی اور یکساں تہہ چڑھانے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔ مثلاً پوسٹر یا کپڑوں کے ڈیزائن وغیرہ۔ اس صورت میں اسے بہت گاڑھی حالت میں استعمال کیا جاتا ہے۔ پتلی حالت میں انہیں واٹرکلر کے طور پر بھی استعمال کیا جاسکتا ہے فرق صرف اتنا ہے کہ واٹرکلر شفاف ہوتے ہیں جبکہ پوسٹرکلر غیر شفاف۔

NOT FOR SALE

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

11- رنگین کاغذ (Coloured Paper)

سفید کاغذ کے علاوہ آرٹ میں رنگین کاغذ بھی استعمال ہوتا ہے۔
آرٹ سٹورز میں ہر قسم کے رنگین کاغذ دستیاب ہوتے ہیں ۔

12- بٹر پیپر یا ٹریسنگ پیپر (Butter Paper or Tracing Paper)

یہ ایک شفاف کاغذ ہوتا ہے۔ جو کہ ڈیزائن کو ایک سطح سے دوسرے سطح پر منتقل کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔



13- کریپ پیپر (Crepe Paper)

کریپ پیپر اصل میں ٹشو پیپر ہوتا ہے۔ جس پر گوند یا نشاستہ کی تہہ چڑھی ہوتی ہے جو اسے ایک خاص کھردراپن اور سختی دیتی ہے۔ یہ سفید اور شوخ رنگوں میں ملتا ہے۔ یہ بنیادی طور پر سجاوٹ کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اس کے بنے ہوئے پھول حیران کن حد تک خوبصورت ہوتے ہیں۔

14- کارڈبورڈ اور ہارڈبورڈ (Card Board and Hard Board)

یہ دو عام قسم کی سخت شیٹس ہوتی ہیں۔ جنہیں ماڈل بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔



15- کاغذ کاٹنے والی قینچیاں (Paper Cutting Scissors)

یہ کاغذ کاٹنے والی چھوٹی قینچیاں ہوتی ہیں گول اور گند سروں والی زیادہ مناسب ہوتی ہے۔ ان کے استعمال میں احتیاط کرنی چاہیے۔

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

16- گم سٹک (Gum Stick)

یہ کاغذ اور کارڈبورڈ وغیرہ کے ٹکڑوں کو آپس میں جوڑنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ ہمیشہ اچھی کوالٹی اور غیر نقصان دہ گم سٹک استعمال کریں۔صرف جوڑنے والی سطح پر استعمال کریں اور استعمال کے بعد ڈھکن اچھی طرح بند کریں۔

خود آزمائی (Self Assesment)

- پیمانے (Scale) کا دوسرا نام کیا ہے؟
- پیمانہ (Scale) کس کام کے لیے استعمال ہوتا ہے؟
- آپ کے جیومیٹری بکس میں D شکل کے آلے کو کیا کہتے ہیں؟
- پروٹریکٹر پر کتنے درجے ہوتے ہیں؟
- پروٹریکٹر کس کام کے لیے استعمال ہوتا ہے؟
- پرکار کو کس کام کے لیے استعمال کیا جاتا ہے؟
- نصف قطر کسے کہتے ہیں؟
- کیا آپ دونوں سیٹ سکوئیرز کے زاویوں کی پیمائش بتا سکتے ہیں؟
- کریون (Crayon) کی قسموں کے نام بتائیں؟
- واٹر کلر پینٹنگ کے لیے ہمیں کتنے برتنوں کی ضرورت ہوتی ہے؟
- (Palette) کیا چیز ہوتی ہے؟

- پیپر ٹیپ Paper Tap کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟
- واٹر کلر اور پوسٹر کلر میں کیا فرق ہے؟
- واٹر کلر اور پوسٹر کلر کے برشوں میں کیا فرق ہے؟

فری ہینڈ سکیچنگ (Free hand Sketching)

سکیچنگ کا اصل مقصد کسی ڈرائنگ کو بغیر اوزار کے بنانا ہوتا ہے۔ ڈرائنگ بنانے کے لیے صرف پنسل اور ربڑ استعمال کرتے ہیں۔ تمام لکیریں فری ہینڈ لگائی جاتی ہیں۔ کسی پرزے کی ڈرائنگ کو پہلے فری ہینڈ طریقہ سے بناتے ہیں۔ پھر اسکی مدد سے اصل ڈرائنگ پیمائش کے مطابق کاغذ پر بناتے ہیں۔

فری ہینڈ سکیچنگ عام طور پر گراف کاغذ یا کراس سیکشن کاغذ پر بناتے ہیں۔ صحیح تناسب اس کی اصل پیمائش سے لیتے ہیں۔ جس سے اس کی خوبصورتی اور جاذبیت برقرار رہتی ہے۔

فری ہینڈ سکیچنگ کے لیے F اور HB گریڈ کی پنسل استعمال کی جاتی ہے۔ پنسل کو انگلیوں میں پوائنٹ سے 1.5 سے 2 انچ تک کے فاصلہ پر پکڑتے ہیں۔ استعمال کے وقت پنسل کو نرم گھماتے رہنا چاہیے۔ ایسا کرنے سے لکیر صاف لگتی ہے اور پنسل کی نوک دیر تک قائم رہتی ہے۔

1.3 بلاکنگ یا خانہ بندی کرنا (Blocking)

بعض اوقات ایک پیچیدہ چیز یا جسم کی ڈرائنگ بناتے ہوئے انفرادی اشکال ان کے درمیان تناسب اور فاصلوں کو صحیح طور پر جانچنے میں مشکل پیش آتی ہے۔ اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے بلاکنگ یا خانہ بندی کا طریقہ استعمال ہوتا ہے۔ اس طریقے میں ہم کسی تصویر میں سادہ اشکال کو تلاش کرتے ہیں۔ مثلاً دی گئی تصویر کو دیکھیں۔

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com



یہ بہت پیچیدہ ہے اور اگر آپ اس کو براہ راست بنانا شروع کردیں تو غلطیوں کے بہت امکانات ہیں۔ اس لیے پہلے اس تصویر میں سادہ اشکال یا بلاکس (Blocks) بنائیں۔

سرگرمی: 1.6

مارکر (Marker) کے ذریعے درج ذیل تصاویر میں خانہ بندی (Blocking) کریں۔



Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

1.4 مرکزی نکتہ یا دلچسپی کا مرکز (Focal Point or Centre of Interest)

فرض کریں آپ کسی دیہی علاقے کی سیر کر رہیں ہے اچانک آپ کسی درخت کو دیکھتے ہے جو آپ کی توجہ اپنی طرف کھینچ لیتا ہے حالانکہ آپ سینکڑوں درختوں کے پاس سے ہو کر آئے ہوں گے لیکن ان میں سے کسی بھی درخت نے آپ کو اپنی طرف متوجہ نہیں کیا ہوگا۔ یہ درخت بہت خوبصورت ہے اور آپ اس کی پینٹنگ بنانا چاہتے ہیں۔ اصول ترکیب (Principles of Composition) کے مطابق آپ کی شیٹ پر اس درخت کی ایک خاص پوزیشن (Position) ہوگی یہ آپ کی ساری شیٹ کو نہیں گھیرے گی کیونکہ اس کے ساتھ اِدھر اُدھر اور بھی درخت، مکانات اور چٹانیں وغیرہ ہوں گی۔ جن میں آپ کی دلچسپی زیادہ نہ ہوگی۔ اس صورت میں آپ کو یہ تمام چیزیں ہو بہو پینٹ کرنے کی ضرورت نہیں چونکہ آپ کی توجہ اس مخصوص درخت کی دلکشی نے کھینچی ہے اور آپ اس کو دوسری چیزوں کی نسبت زیادہ نمایاں کرنا پسند کریں گے پس یہ درخت ڈرائنگ کا مرکزی نکتہ یا دلچسپی کا مرکز ہے۔ دوسرے الفاظ میں مرکزی نکتہ یا دلچسپی کا مرکز کسی فن پارے کا وہ نکتہ یا جگہ ہے جو پہلی نظر میں آپ کی نگاہ کھینچ لیتی ہے۔

کیا آپ درج ذیل تصاویر میں مرکزی نکتہ بتا سکتے ہیں۔



NOT FOR SALE

سرگرمی: 1.7

مندرجہ بالا تصاویر کو غور سے دیکھیں اور ان وجوہات پر بحث کریں جو مرکزی نکتہ کو زیادہ پرکشش بناتے ہیں۔

مرکزی نکتہ کا تعین کرنا (Establishing Focal Point)

آیئے دیکھتے ہیں کہ مرکزی نکتہ کا تعین کیسے کیا جائے جس سے یہ زیادہ توجہ اپنی طرف مبذول کر سکے۔ بائیں طرف دی گئی شکل کو دیکھیں اور بتائیں کہ کون سا مربع (Square) نظر کو پہلے اور زیادہ کھینچتا ہے۔ یقیناً دائیں طرف والا۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ایسا کیوں ہے؟ اس لیے کہ اس میں ٹون (Tone) کا فرق زیادہ ہے۔ اب دوبارہ سرگرمی 1.7 میں دی گئی اشکال کو دیکھیں اور بتائیں کہ کیا تصویر میں دوسری جگہوں کی نسبت مرکزی نکتہ میں رنگوں کا فرق زیادہ نمایاں ہے۔

NOT FOR SALE

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com



اب دائیں طرف کی شکل کو دیکھیں۔ اس میں دونوں مربعوں (Squares) میں ٹون کا تضاد ایک جیسا ہے۔ لیکن پھر بھی بائیں طرف والا مربع (Square) زیادہ نمایاں ہے۔

کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ کیوں؟

ہم نے مرکزی نکتہ کے متعلق دو باتیں سیکھ لیں۔

1- وہ جگہ جہاں ٹون کا تضاد زیادہ ہو وہ آنکھ کو زیادہ اپنی طرف کھینچتی ہے۔

2- نمایاں کناروں والی جگہ میں زیادہ کشش ہوتی ہے۔

اب سرگرمی 1.7 میں دی گئی تصاویر کو دوبارہ دیکھیں کیا آپ ان دو اصولوں کا استعمال یہاں دیکھ سکتے ہیں۔

سرگرمی نمبر: 1.8



سامنے دی گئی تصویر میں دائروں کو شیڈ دیں اور کسی بھی ایک دائرے کو ٹون کے ذریعے مرکزی نکتہ بنائیں۔

سرگرمی: 1.9

پنسل کے استعمال سے مندرجہ ذیل اشکال میں سے سوائے ایک کے (جو کہ مرکزی نکتہ یا دلچسپی کا مرکز بن جائے) باقی تمام کے کناروں کو دھندلا کر دیں۔ آپ تمام اشکال میں شیڈ کر سکتے ہیں۔



1.5 آلات کے ذریعے جیومیٹری کے اشکال بنانا
(Drawing Geometrical Shapes with the help of Instruments)

آپ چھٹی کلاس میں جیومیٹری کی بنیادی اشکال کے بارے میں سیکھ چکے ہیں۔ آپ باقاعدہ اور بے قاعدہ اشکال کے بارے میں بھی جانتے ہیں۔ یہاں ہم جیومیٹری کے آلات کی ذریعے جیومیٹری کی اشکال بنانا سیکھیں گے۔

تکون (Triangle)

کسی بھی لمبائی تین لکیریں کھینچ کر ان کے سرے آپس میں ملادیں یہ بغیر پیمائش کے تکون بنانے کا سادہ طریقہ ہے اس کے برعکس دی گئی پیمائش کے مطابق تکون بنانے کے لیے اضلاع کی لمبائی اور زاویوں کی پیمائش زیادہ اہم ہے۔



Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

مربع (Square)

مربع کھینچنے کے لیے ہمیں صرف ایک ضلع کی لمبائی کی ضرورت ہوتی ہے۔ کیونکہ اس کے چاروں اضلاع کی لمبائی یکساں ہوتی ہے۔ پہلے پیمانے کی مدد سے دی گئی لمبائی کے مطابق لکیر کھینچیں ہیں۔ پھر اس کے دونوں سروں پر 90 درجے کا زاویہ بنائیں اور اس کو دی گئی لمبائی تک بڑھائیں پھر دونوں لکیروں کے سروں کو ملائیں۔ یاد رکھیں مربع یکساں پیائش کی چار اضلاع والی بند شکل ہوتی ہے جس کے تمام زاویے 90 درجے کے ہوتے ہیں۔

مستطیل (Rectangle)

مستطیل کے چار اضلاع ہوتے ہیں۔ دو لمبے اور دو چھوٹے۔ اس کے مخالف اضلاع لمبائی میں برابر اور متوازی ہوتے ہیں۔ اس کے تمام زاویے 90 درجے کے ہوتے ہیں۔ ایک خاص پیائش کی مستطیل بنانے کے لیے اس کی لمبائی اور چوڑائی جاننا ضروری ہے۔

دائرہ (Circle)



دائرہ ایک مسلسل خمدار لکیر ہوتی ہے۔ جس کا ہر ایک نقطہ مرکز سے یکساں فاصلے پر ہوتا ہے۔ یہ گول شکل کا ہوتا ہے۔ دائرے کے مرکز سے کنارے تک کا فاصلہ دائرے کا نصف قطر کہلاتا ہے۔ اگر نصف قطر معلوم ہو تو ہم مخصوص سائز کا دائرہ کھینچ سکتے ہیں۔ دائرہ کھینچنے کے لیے پرکار بھی استعمال ہوتی ہے۔

سرگرمی: 1.10

i. آلات کی مدد سے جیومیٹری کی بنیادی اشکال مثلاً تکون، مستطیل، مربع اور دائرہ بنانے کی مشق کریں۔

ii. آلات استعمال کیے بغیر مندرجہ بالا اشکال کھینچنے کی مشق کریں۔

1.6 نمونے بنانا (Making Patterns)

ایک ہی شکل کو بار بار ایک خاص ترتیب کے ساتھ دہرا کر بنانے سے ہم مختلف نمونے بنا سکتے ہیں۔ مثلاً درج ذیل نمونوں پر غور کریں۔



Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

ہم اپنی روزمرہ زندگی میں چیزوں کی سجاوٹ کے لیے یہ نمونے استعمال کرتے ہیں۔ درج ذیل اشیاء میں نمونوں کا استعمال دیکھیں۔

سرگرمی: 1.11

کیا آپ ان بنیادی اشکال کی پہچان کرسکتے ہیں جن سے مندرجہ بالا نمونے بنتے ہیں۔ ان کو اپنی سکیچ بک میں بنائیں۔

سرگرمی: 1.12

تین مختلف نمونے بنائیں اور اپنی مرضی سے رنگ دیں۔

سرگرمی: 1.13

پنسل کلرز استعمال کرتے ہوئے درج ذیل بنیادی اشکال میں رنگ بھریں۔



سرگرمی: 1.14

اپنی سکیچ بک میں جیومیٹری کی بنیادی اشکال سے تین مختلف کمپوزیشنز بنائیں اور اُن میں واٹر کلرز، کریون اور کلر پنسل سے رنگ بھریں۔

1.7 جیومیٹری کی بنیادی اشکال کی مدد سے ڈرائنگ بنانا (Drawing with Basic Geometrical Shapes)

اکثر پیچیدہ اجسام عام طور پر بنیادی اشکال کے ملاپ سے بنتے ہیں مثلاً دائرہ، مربع، مستطیل، تکون وغیرہ۔ آیئے دائرے سے شروع کرتے ہیں۔ انڈے کی شکل کی ڈرائنگ کرنا عام طور پر ایک مشکل کام ہے۔ اگر ہم دو مختلف سائز (ایک چھوٹا اور دوسرا بڑا) کے دائرے بنا کر ان سے انڈے کی شکل بنانے کی کوشش کریں تو ہم دیکھیں گے کہ یہ کتنی آسانی کے ساتھ اور بالکل درست بنتی ہے۔



Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

اہم بات (Important)

یہاں آپ کو بالکل صاف اور درست دائرہ کھینچنے کی ضرورت نہیں۔ پنسل کی نوک کو کاغذ کی سطح کے اوپر بالکل سیدھا پکڑیں اور ہاتھ کو دائرے کی شکل (گھڑی وار سمت Clock wise) میں گھمائیں۔ آہستہ آہستہ ہاتھ کو نیچے جھکاتے جائیں۔ حتیٰ کہ پنسل کاغذ کی سطح کو چھوئے ضروری نہیں کہ دائرہ واضح ہو۔ مندرجہ ذیل اشکال کا بغور مطالعہ کریں اور دیکھیں کہ ابتدائی دائرے کس طرح کھینچے گئے ہیں۔





Self Assesment: خود آزمائی

- خانہ بندی (Blocking) سے کیا مراد ہے؟
- مرکزی نکتہ (Focal Point) کیا ہے؟
- مرکزی نکتہ کو کس طرح نمایاں کیا جاسکتا ہے؟
- رنگوں کے فرق (Tonal Contrast) سے کیا مراد ہے؟
- مربع (Square) کی تعریف کریں؟
- مربع اور مستطیل میں کیا فرق ہے؟
- کیا آپ دائرے (Circle) کی تعریف کرسکتے ہیں؟
- نمونہ (Pattern) کیا ہے؟

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

1.8 بنیادی تناظر (Basic Perspective)

ڈرائنگ میں تناظر سے مراد سہ جہتی (3D) اشیاء کو دو جہتی (2D) سطح (کاغذ وغیرہ) پر اس طرح بنانا ہے کہ ان کی تیسری جہت (گہرائی) بھی نظر آئے۔

متعلقہ اصطلاحات (Relevant Terms)

i۔ اُفقی لکیر یا سطح آنکھ (Eye Level or Horizontal Line)

آنکھ کی بالکل سیدھ میں افقی سطح کو سطح آنکھ کہتے ہیں۔



ii۔ نقطہ معدومیت یا اختتامی نقطہ (Vanishing Point)

وہ نقطہ جہاں پر دو متوازی لکیریں ملتی ہوئی نظر آتی ہے۔ اسے نقطہ معدومیت کہتے ہے۔



اگر کسی مستطیل کو سطح آنکھ کے نیچے افقی حالت میں رکھا جائے جیسا کہ اگلی شکل میں دکھائی گئی ہے۔ تو اب یہ جیومیٹری والی مستطیل کی طرح نظر نہیں آئے گی۔



کیا آپ فرق معلوم کر سکتے ہیں؟

اب دوسری شکل میں ایک ہی مستطیل کی نچلی اور اوپر والی دونوں حالتوں میں بھی یہ فرق معلوم کریں۔
یہاں دونوں متوازی لکیروں کے درمیان فاصلے اور زاویوں پر غور کریں۔
بائیں طرف کی شکل کو غور سے دیکھیں۔ آپ دیکھیں گے کہ جیسے جیسے مستطیل سطح آنکھ سے دور ہوتی جاتی ہیں تو افقی لکیروں کے درمیان فاصلہ بڑھتا جاتا ہے۔

اگر اس شکل کو ہم اُفقی حالت میں رکھیں تو یہی اصول لاگو ہوگا۔ نیچے دی گئی شکل پر غور کریں۔





سرگرمی: 1.15

اپنی سطح آنکھ کے اُوپر اور نیچے مستطیل کھینچنے کی مشق کریں۔ ابتدائی مشق کے لیے پیمانہ استعمال کریں بعد میں ہاتھ سے مشق کریں۔

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

دیکھیے کہ صحیح تناظر سے کھینچی گئی مستطیل کس طرح روزمرہ اشیاء کی ڈرائنگ میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔



1.9 ٹھوس جسم کے مختلف مناظر (Different Views of a Solid)



تکنیکی لحاظ سے ٹھوس جسم کے تین مناظر کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔

i۔ سامنے کا منظر (Front View)

ii۔ اطرافی منظر (Side View)

iii۔ بالائی منظر (Top View)

اس کا مطلب ہے کہ ایک ٹھوس جسم سامنے، اطرافی اور اوپر سے کیسا دکھائی دیتا ہے۔ مثال کے طور پر دی گئی تین جہتی (3D) شکل کو دیکھیں نیچے اس کے سامنے، اطرافی اور بالائی مناظر دیے گئے ہیں۔ لیکن یاد رکھیں یہ طریقہ صرف تکنیکی مقاصد مثلاً انجینئرنگ یا 3D کمپیوٹر سافٹ وئیر کے لیے استعمال ہوتا ہے۔



پیائش (Measurement)

کسی ڈرائنگ کا خاکہ تیار کرنے کے بعد اس پر کچھ معلومات فراہم کی جاتی ہیں۔ جس میں سطحوں کے درمیان کا فاصلہ۔ مرکز سے سطح کا فاصلہ پرزے کے ہر حصہ کی پیائش ضرورت کے مطابق سطحوں کی بناوٹ میٹریل کی قسم سوراخوں کی لوکیشن وغیرہ ان معلومات کو لکیروں ہندسوں اور مخصوص نشانات سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ان معلومات کو پیائش لکھنا کہا جاتا ہے۔پیائش لکھنے سے جسم(object) کی شکل اور سائز واضح ہو جاتا ہے۔

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

1.10 ٹھوس اجسام کی پروجیکشن (Projection of Solids)

(i) ہم پیائش پروجیکشن (Isometric Projection) اس قسم کے پروجیکشن میں کسی چیز کی تمام عمودی لکیریں عموداً رہتی ہیں۔ جبکہ افقی لکیریں 30 درجے کے زاویے پر کھینچی جاتی ہیں۔ ہم پیائش ڈرائنگ عموماً ڈرائنگ کے آلات کی مدد سے کی جاتی ہے تاکہ درست پیائش کو یقینی بنایا جائے۔ ہم پیائش پروجیکشن اشکال کو تھوڑا سا بگاڑ دیتی ہے کیونکہ اس میں تنا سبی تناظر کو نظر انداز کیا جاتا ہے۔ اس کی خوبی یہ ہے کہ یہ چیزوں کی جہتوں کو صحیح اور درست باہمی تناسب میں دکھاتی ہے۔

پرسپکٹیو (Perspective)

یہ مجسم کا اصل منظر ظاہر کرتا ہے۔ اس منظر کو انسان اپنی آنکھوں سے اور کیمرہ اپنی نظر سے دیکھتا ہے اس میں فوٹو گرافی کی طرح دور کی چیز چھوٹی اور نزدیک کی چیز بڑی نظر آتی ہے۔ اس ڈرائنگ میں تمام پروجیکشن انسانی نظر سے شروع ہوتے ہیں۔ جس جگہ کھڑے ہو کر مجسم کو دیکھا جائے اس جگہ کو سٹیشن پوائنٹ Station Point کہتے ہیں۔

نقطہ معدومیت (Vanishing Point)



NOT FOR SALE

پرسپکٹیو ڈرائنگ میں درج ذیل اصطلاحات استعمال ہوتی ہیں۔

1. سٹیشن پوائنٹ 2. گراؤنڈ لائن 3. پکچر پلین 4. ونیشنگ پوائنٹ

1. سٹیشن پوائنٹ Station Point

یہ وہ جگہ ہے جہاں پر کھڑے ہو کر انسان کی آنکھ مجسم یا چیز کو دور یا نزدیک سے دیکھ سکتی ہے۔

2. گراؤنڈ لائن Ground Line

یہ وہ لائن ہے جہاں پر گراؤنڈ عمودی پلین (پکچر پلین) پر ملتا ہے۔ ملنے سے ایک لکیر بنتی ہے۔ جسے گراؤنڈ لائن کہتے ہیں۔

3. پکچر پلین Picture Plane

وہ پلین جس پر پروجیکشن کی مدد سے کوئی تصویر بنتی ہے۔ سٹیشن پوائنٹ سے پروجیکشن شروع ہو کر مجسم تک جاتے ہیں۔ پھر اس پلین پر اصل منظر بنتا ہے۔

4. ونیشنگ پوائنٹ Vanishing Point

یہ وہ پوائنٹ ہوتا ہے۔ جہاں پر کسی مجسم کی اصل لمبائی چوڑائی اور اونچائی ختم ہو جاتی ہے۔

آرتھو گرافک پروجیکشن (Ortho Graphic Projection)

یہ رومن لفظ ہے۔ جس کا مطلب عمودی یا 90 درجہ والی لکیر ہے۔ یہ ڈرائنگ کی ایسی شاخ ہے جس میں کسی جسم کی ڈرائنگ تیار کرنے کے لیے متوازی خطوط استعمال کئے جاتے ہیں۔ یہ خطوط پلین کے عمودی ہوتے ہیں۔ اس قسم کی ڈرائنگ میں جسم کے منظر کی اصل شکل حاصل ہوتی ہے۔

آرتھو گرافک پروجیکشن میں کسی جسم کی پوری تفصیل ظاہر کرنے کے لیے کم از کم تین مناظر بنائے جاتے ہیں۔

NOT FOR SALE

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

1. سامنے کا منظر Front View
2. بالائی منظر Top View
3. اطرافی منظر Side View

آرتھوگرافک پروجیکشن کے اصول

1. فرنٹ ویو اور ٹاپ ویو ہمیشہ ایک دوسرے کے اوپر نیچے بنتے ہیں۔
2. سائیڈ ویو ہمیشہ فرنٹ ویو کے پہلو میں بنتا ہے۔
3. فرنٹ ویو میں جسم کی لمبائی اور اونچائی ظاہر ہوتی ہے۔
4. سائیڈ ویو میں جسم کی چوڑائی اور اونچائی ظاہر ہوتی ہے۔
5. پروجیکشن کی لکیر صرف دو سطحوں کے ملنے پر بنتی ہے۔
6. جسم کی چھپی ہوئی تفصیل کو ڈاٹیڈ لائن سے ظاہر کیا جاتا ہے۔





آرتھوگرافک پروجیکشن کے بنانے کے مراحل

NOT FOR SALE

سرگرمی: 1.16

ایک مکعب نما جس کی لمبائی 5 انچ، چوڑائی 3 انچ اور اونچائی 2 انچ ہے کا ہم پیمائش (Isometric) آرتھوگرافک (Orthographic) پروجیکشن کھینچیں۔

خود آزمائی (Self Assesment)

- ٹھوس اجسام کے تین مناظر کون کون سے ہیں نام لکھیں۔
- ہم پیمائش (Isometric) پروجیکشن کیا ہے۔
- ہم پیمائش پروجیکشن میں تمام افقی لکیریں (Horizontal Lines) کس زاویے پر کھینچی جاتی ہیں؟
- ہم پیمائش پروجیکشن پر چیزوں کی شکل میں بگاڑ کیوں پیدا ہوتا ہے؟
- اختتامی نقطہ (Vanishing Point) کیا ہوتا ہے؟
- تناظری ڈرائنگ (Perspective Drawing) کیا ہے؟
- کیا ہم آلات کے بغیر تناظری ڈرائنگ بنا سکتے ہیں؟
- آرتھوگرافک پروجیکشن (Orthographic Projection) کیا ہوتا ہے؟

NOT FOR SALE

awazeinqilab.com
Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

باب نمبر 2

ڈرائنگ کے معاونات
(Supplement to Drawing)

اس باب کے پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- کمپوزیشن کے اصول (Principles of Composition) جان سکیں۔
- رنگ (Colour) کے متعلق جان سکیں۔

i۔ رنگوں کی گہرائی یا ہلکا پن (Tones and Tents) کی شناخت کر سکیں۔

ii۔ تیسرے درجے کے رنگ (Tertiary Colours) کے متعلق بتا سکیں۔

iii۔ تکمیلی رنگوں (Complementary Colours) کے متعلق جان سکیں۔

iv۔ یک رنگی اور کثیر رنگی ملاپ میں فرق کر سکیں۔
(Monochromatic and Poly Chromatic Colour Combination)

v۔ واٹر کلر کی بنیادی تکنیک کو سمجھ سکیں۔
(Basic Water Colour Techniques)

vi۔ روشنی، شیڈ اور سائے میں تمیز کر سکیں۔
(Light Shad and Shadow)

vii۔ واٹر کلر شیٹ کو پھیلانا
(Stretching/Mounting Water colour sheet)

viii۔ ٹیکسچر (Texture) کے متعلق جان سکیں۔

2.1 کمپوزیشن کے اصول (Principles of Composition)

ڈیزائن کے اصولوں کو استعمال کرتے ہوئے اشیاء کی مخصوص ترتیب کو کمپوزیشن کہتے ہیں۔ آپ نے پچھلی جماعت میں کمپوزیشن کے کچھ بنیادی اصول سیکھیں ہیں یہاں پر آپ کچھ اور بنیادی اصول پڑھیں گے۔

توازن (Balance)

ڈیزائن میں توازن کا مفہوم وہی ہے جو سائنس میں ہے۔ کیا آپ بصری وزن (Visiual weight) کا اندازہ لگا سکتے ہیں؟ کیا آپ نے کبھی یہ سوچا ہے کہ اشکال کا بھی وزن ہو سکتا ہے؟ سامنے کی شکل پر غور کریں۔ کیا آپ سمجھتے ہیں کہ اس میں توازن ہے؟ کیا ایسا نہیں لگتا کہ دائیں طرف والی شکل (مربع) بھاری ہے؟ اس کا مطلب ہے کہ بڑے سائز کی شکل کا بصری وزن زیادہ ہوتا ہے۔

(a)

اب دائیں طرف کی تصویر کو دیکھیں۔ یہاں دونوں مربعوں کی جسامت برابر ہے۔ لہٰذا ان میں توازن موجود ہے۔

(ب)

سامنے کی تصویر میں بائیں طرف بڑا مربع جب کہ دائیں طرف دو چھوٹے مربعے ہیں۔

(کیا آپ سمجھتے ہیں کہ یہ ترتیب متوازن ہے اور کیوں؟)

(c)

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

نمایاں کرنا (Emphasis)

اس کا مطلب ہے کسی تصویر یا فن پارے میں کسی خاص جگہ کو نمایاں کرنا۔ یہ مرکزی نکتہ focal point کی طرح ہی ہے مگر یہ ایک اور معنی میں بھی استعمال ہوسکتا ہے۔ بعض اوقات ایک فنکار آرٹ کے کسی ایک عنصر مثلاً رنگ، شکل و صورت، ٹون کا فرق، ٹیکسچر یا لکیروں کو زیادہ نمایاں کردیتا ہے۔ دیئے گئے فن پاروں کو غور سے دیکھیں اور بتائیں کہ ان میں کون سے عناصر زیادہ نمایاں کیے گئے ہیں؟

ہم آہنگی (Harmony)

ایک فن پارہ آرٹ کے مختلف عناصر پر مشتمل ہوتا ہے۔ ان عناصر کا ایک دوسرے کے ساتھ باہمی مربوط تعلق ہم آہنگی (Harmony) کہلاتا ہے۔ آرٹ کے کسی ہم آہنگ (Harmonized) کام میں تمام عناصر ایک کُل کے اجزاء ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر نیچے دیے گئے دونوں مناظر میں آسمان کو دیکھے۔ دونوں میں آسمان کا رنگ باقی منظر کے ساتھ ہم آہنگ ہے۔

آیئے اب دونوں مناظر میں آسمان کے رنگ کو آپس میں تبدیل کر کے دیکھتے ہیں۔

ہم آہنگی پر اس کا کیا اثر ہوا بحث کریں؟

ہم آہنگی نہ صرف رنگ بلکہ دوسرے عناصر مثلاً لکیر، شکل وصورت ٹیکسچر وغیرہ میں بھی ہوسکتی ہے۔

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

تضاد یا فرق (Contrast)

تضاد سے مراد آرٹ کے عناصر میں فرق ہے مثال کے طور پر متضاد رنگ جیسے سرخ اور سبز، نیلا اور نارنجی وغیرہ۔ اسی طرح گہرے اور ہلکے رنگ کا فرق، افقی اور عمودی سمتوں کا فرق اور سائز اور شکل و صورت کا فرق وغیرہ کسی پینٹنگ میں سب سے نمایاں تضاد اس کے مرکزی نکتے Focal Point میں ہونا چاہیے۔ سامنے دی گئی خوبصورت پینٹنگ میں رنگوں کے تضاد (Colour Contrast) کو دیکھیے یہ مشہور پاکستانی مصور منصور راہی کی تخلیق ہے۔

(i) اس پینٹنگ میں موجود مختلف اقسام کے تضادات پر بحث کریں۔

(ii) ذیل میں دی گئی پینٹنگ میں ہلکے اور گہرے رنگ کے تضاد پر بھی غور کریں۔



سامنے دی گئی پینٹنگ میں آپ کس قسم کا تضاد دیکھتے ہیں؟ آیئے دوستوں کے ساتھ اس پر بحث کریں۔

خود آزمائی

- کمپوزیشن کیا ہے؟
- کمپوزیشن کے چار اصولوں کے نام بتائیں؟
- کیا اشکال کا وزن ہوتا ہے؟
- تضاد کسے کہتے ہیں؟
- کیا آپ منصور راہی کو جانتے ہیں؟

2.2 رنگ (Colour)

رنگ آرٹ کے عناصر میں سے ایک اہم عنصر ہے۔ آپ نے پچھلی کلاس میں رنگوں کے بارے میں کچھ بنیادی علم حاصل کیا ہے۔ کیا آپ کو مندرجہ ذیل اصطلاحات یاد ہیں؟

- بنیادی رنگ (Basic Colour)
- ثانوی رنگ (Secondary Colour)
- ٹون (Tone)
- ٹھنڈا اور گرم تاثر دینے والے رنگ (Cool and Warm Colours)

awazeinqilab.com
Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

آیئے رنگوں کے متعلق مزید سیکھتے ہیں۔

2.3 ٹون اور ٹنِٹ (Tone and Tint)

کسی بھی پینٹنگ کو اگر آپ غور سے دیکھیں تو آپ کو بعض رنگوں کے شیڈ گہرے اور بعض کے ہلکے نظر آتے ہیں۔ کسی رنگ کے گہرے شیڈ کو ٹون (Tone) اور ہلکے شیڈ کو ٹنِٹ (Tint) کہتے ہے گہرا شیڈ بنانے کے لیے اس رنگ میں سیاہ یا کوئی اور گہرا رنگ شامل کیا جاتا ہے۔ اسی طرح ہلکا شیڈ بنانے کے لیے اس میں سفید یا اور کوئی ہلکا رنگ ملایا جاتا ہے۔

کیا آپ اوپر دیے گئے رنگوں میں ٹون اور ٹنِٹ بتا سکتے ہیں۔ ٹون اور ٹنِٹ کے استعمال پر اپنے دوستوں کے ساتھ بحث کریں۔

ہم جانتے ہیں کہ کسی یک رنگی جسم (object) کے مختلف حصوں پر اُسی رنگ کے مختلف ٹون اور ٹنِٹ بنتے ہیں۔ اگر ڈرائنگ رپینٹنگ میں ٹون اور ٹنِٹ کو صحیح جگہ پر لگایا جائے تو اجسام (objects) میں سہ جہتی (3D) تاثر پیدا ہوگا سامنے کی تصاویر کا مشاہدہ کریں۔

سرگرمی: 2.1

سرخ، سبز اور نارنجی رنگ کے تین ٹون اور تین ٹنِٹ بنائیں۔

2.4 تیسرے درجے کے رنگ (Tertiary Colours)

ایک بنیادی اور ایک ثانوی رنگ کو ملانے سے جو رنگ بنتا ہے اسے تیسرے درجے کا رنگ Tertiary Colour کہا جاتا ہے۔

بنیادی، ثانوی اور تیسرے درجے کے رنگوں کا پہیہ
(Colour wheel with Primary,Secondary and Tertiary Colours)





بنیادی رنگ (Primary Colours)

ثانوی رنگ (Secondary Colours)

تیسرے درجے کے رنگ (Tertiary Colours)

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

بنیادی اور ثانوی رنگوں کی مقدار میں کمی بیشی سے تیسرے درجے کے بے شمار مختلف رنگ بنتے ہیں۔



کیا آپ تیسرے درجے کے رنگوں کی تعداد بتا سکتے ہیں۔

سرگرمی: 2.2

تیسرے درجے کے رنگ سے بنی ہوئی چھوٹی چھوٹی چیزیں جمع کر کے کلاس میں دکھائیں یہ بھی بتائیں کہ کون کون سے دو رنگوں کے ملاپ سے چیزوں کا رنگ بنا ہے۔

سرگرمی: 2.3

صفحہ نمبر 42 پر دیے گئے ڈائیگرام کو واٹر کلر میں بنائیں۔

سرگرمی: 2.4

واٹر کلر استعمال کرتے ہوئے بنیادی، ثانوی اور تیسرے درجے کے رنگوں پر مشتمل رنگوں کا پہیہ بنائیں۔

شیڈ، ٹنٹ اور ٹون (Shades, Tints and Tones)

رنگ کو بنیادی طور پر تین طریقوں سے تبدیل کیا جاسکتا ہے۔

1۔ سفید رنگ ملا کر
2۔ سیاہ رنگ ملا کر
3۔ سلیٹی رنگ ملا کر

awazeinqilab.com
Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

شیڈ (Shade)

شیڈ ہر اُس رنگ کو کہتے ہے جس میں سیاہ رنگ ملایا گیا ہو۔ سیاہ رنگ کی مقدار میں کمی بیشی سے بے شمار شیڈز بن سکتے ہیں۔

ہلکا رنگ (Tint)



جب کسی بھی رنگ میں سفید رنگ ملایا جائے تو اس سے وہ رنگ ہلکا ہوجاتا ہے۔ جسے ٹنٹ کہتے ہے کسی بھی رنگ میں سفید رنگ کی مختلف مقدار ملانے سے مختلف ٹنٹ بن جاتے ہیں۔

گہرا رنگ (Tone)

کسی بھی رنگ میں سلیٹی رنگ ملانے سے وہ رنگ گہرا ہو جاتا ہے۔ ایک ہی رنگ میں سلیٹی رنگ کی مختلف مقدار ملانے پر مختلف اقسام کے ٹون بن جاتے ہیں۔

دی گئی پینٹنگ میں شیڈ، ٹنٹ اور ٹون تلاش کریں اور دوستوں کے ساتھ اس پر بحث کریں۔

سرگرمی: 2.5

سرخ، نیلے اور سبز رنگ کے تین تین شیڈ، ٹنٹ اور ٹون بنائیں۔

2.5 یک رنگی ملاپ (Monochromatic Colour Combination)

یک رنگی ملاپ سے مراد ایک ہی رنگ کے مختلف ٹنٹ اور ٹون کا استعمال ہے مثلاً نیچے دی گئی پینٹنگ کو دیکھیں۔

کثیر رنگی ملاپ (Polychromatic Colour Combination)

اس میں کئی مختلف رنگوں کو استعمال کیا جاتا ہے۔

awazeinqilab.com

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

2.6 تکمیلی رنگ (Complementary Colours)

وہ رنگ جو آپس میں مل کر ایک دوسرے کے اثر کو زائل کرتے ہیں تکمیلی رنگ کہلاتے ہیں۔ رنگوں کے پہیہ پر ایک دوسرے کے مقابل رنگ تکمیلی رنگ ہیں مثال کے طور پر پیلے رنگ کا تکمیلی رنگ بینگنی Purple ہے۔

نیچے دیے ہوئے آمنے سامنے رنگ ایک دوسرے کے تکمیلی رنگ ہیں۔

ٹون یا ویلیو کا فرق (Difference in Value/Tone)

آپ جانتے ہیں کہ ایک ہی رنگ کے کسی ٹھوس جسم میں روشنی کی وجہ سے مختلف ٹونز پیدا ہوتے ہیں۔ اس لیے کسی بھی چیز کو رنگ دینے سے پہلے اس فرق کو ذہن میں رکھنا ضروری ہے۔ اس کو سمجھنے کے لیے ذیل میں کچھ مشقیں دی گئی ہیں۔

نیچے دی گئی دونوں شکلوں کو دیکھیں ایک موی پنسلوں (Crayon) سے بنائی گئی ہے اور دوسری واٹر کلر سے۔



کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ اس میں کون سے ٹونز واٹر کلر اور کون سے موی پنسلوں سے بنائی گئی ہیں۔

خود آزمائی (Self Assessment)

- تیسرے درجے کے رنگوں سے کیا مراد ہے؟
- شیڈ (Shade) بنانے کے لیے ہم کونسے رنگ کا اضافہ کرتے ہیں؟
- ٹینٹ (Tint) کس طرح بنتا ہے؟
- کسی رنگ کے ٹونز بنانے کیلئے کون سا رنگ ملایا جاتا ہے؟
- یک رنگی ملاپ کسے کہتے ہے؟
- کثیر رنگی ملاپ سے کیا مراد ہے؟
- تکمیلی رنگ کیا ہوتا ہے؟

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

2.7 واٹر کلر شیٹ کو پھیلانا/فریم پر چڑھانا



(Streching/Mounting Water Colour Sheet)

واٹر کلر کے پینٹنگ میں بہت سارا پانی استعمال ہوتا ہے جس کی وجہ کاغذ میں بل پڑتے ہیں۔ اس سے پینٹنگ خراب ہوسکتی ہے۔ کیونکہ سارا پینٹ گہری جگہوں میں جمع ہو جاتا ہے اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے ہم مخصوص طریقے سے واٹر کلر شیٹ کو پہلے پھیلاتے ہیں جسے سڑیچنگ کہتے ہیں۔

ضروری اشیاء: ڈرائنگ بورڈ، واٹر کلر شیٹ یا سکالر شیٹ مخصوص کاغذ کی ٹیپ اور قینچی۔

پہلا مرحلہ:

واٹر کلر کی شیٹ کو دونوں طرف سے مکمل گیلا کردیں اس مقصد کے لیے آپ اسفنج (فوم) استعمال کرسکتے ہیں یا کاغذ کو پانی کے ٹب میں ڈبو دیں یا نلکے سے پانی ڈال دیں مگر یہ تسلی کرلیں کہ کاغذ دونوں طرف سے مکمل طور پر گیلا ہوگیا ہے۔

دوسرا مرحلہ:

کاغذ کو ڈرائنگ بورڈ پر پھیلائیں۔ یہ ضروری ہے کہ یہ ڈرائنگ بورڈ کے کناروں کے متوازی ہو اب شہادت کی انگلی سے اضافی پانی پونچھیں۔

تیسرا مرحلہ:

اب کاغذ کے ٹیپ کے چار ٹکڑے کاٹیں جو کاغذ کی اطراف سے نسبتاً لمبے ہوں اب کاغذ یا ٹیپ کے گوند لگے ہوئے رُخ کو ہلکا سا گیلا کریں۔

چوتھا مرحلہ:

کاغذ کے اطراف پر اس طرح ٹیپ چپکا لیں کہ آدھا ٹیپ کاغذ پر اور آدھا ڈرائنگ بورڈ پر ہو۔

پانچواں مرحلہ:

کاغذ کا پھیلاؤ (Streching) مکمل ہوگیا ہے اب بورڈ کو بالکل ہموار رکھیں اور خشک ہونے تک انتظار کریں اب یہ پینٹنگ کے لیے تیار ہے۔ اگر آپ گیلی سطح پر پینٹنگ کرنا چاہتے ہیں تو خشک ہونے سے پہلے کام شروع کردیں اس صورت میں آپ کو ڈرائنگ پہلے سے کرنی ہوگی کیونکہ گیلے کاغذ پر سکیچ کرنا مشکل ہے۔ گیلے کاغذ پر آپ ربڑ استعمال نہیں کرسکتے۔

2.8 واٹر کلر کے بنیادی طریقے (Basic Water Colour Techniques)

واٹر کلر ایک ہمہ گیر ذریعہ اظہار ہے یہ تاثرات کا ایک وسیع میدان فراہم کرتا ہے۔

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

فلیٹ واش (Flat Wash)

یہ ایک بڑے رقبے پر کسی رنگ کی یکساں تہہ چڑھانے کیلئے استعمال ہوتا ہے

پہلا مرحلہ:

کسی برتن میں رنگ اور پانی ملائیں۔ زیادہ پانی استعمال کریں اور یہ تسلی کریں کہ تیار کردہ رنگ مطلوبہ رقبہ پینٹ کرنے کیلئے کافی ہے۔



دوسرا مرحلہ:

بورڈ کو تقریباً 15 درجے کے زاویہ پر رکھیں۔ ایک بڑے سائز کا بُرش لیں اور اس کو رنگ میں خوب بھگو دیں اب اوپر سے رنگ لگانا شروع کریں۔

تیسرا مرحلہ:

بُرش کو دوبارہ رنگ میں بھگوئیں اور پہلی تہہ کو چھوتے ہوئے نیچے دوسری تہہ لگانا شروع کردیں۔ اسی طرح ساری شیٹ کو آخر تک رنگ دیں۔ یاد رکھیں کہ آپ نے تیزی کے ساتھ کام کرنا ہے۔ تاکہ پہلی تہہ خشک ہونے سے پہلے دوسری تہہ لگائیں۔

چوتھا مرحلہ:

جب آپ کام ختم کر دیں تو بُرش کو صاف کر دیں اور اس سے سارا پانی نچوڑ لیں۔ اسے اب (Thirsty brush) کہتے ہے۔اب بُرش کی مدد سے وہ سارا رنگ چوس لیں جو بورڈ کے جھکاؤ کی وجہ سے نیچے جمع ہوگیا ہے۔

سرگرمی: 2.6

4 x 4 انچ کا فلیٹ واش بنائیں؟

واٹر کلر میں ٹون بنانا (Tones in water colour)

واٹر کلر میں ٹون کا انحصار پانی کی مقدار پر ہوتا ہے۔ نیچے دی گئی اشکال کو دیکھیے پہلے خانے کے رنگ میں کم پانی ملایا گیا ہے اس لیے اس کا رنگ گہرا ہے۔ اسی طرح رنگوں میں پانی کی مقدار بڑھانے سے باقی خانوں میں رنگ بتدریج ہلکا ہو جاتا ہے۔

سرگرمی: 2.7

واٹر کلرز سے تین مختلف رنگوں کے ٹونل بار (Tonal bars) بنائیں۔

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

گیلی سطح پر پینٹنگ کرنا (Wet in Wet)

اس طریقے میں ہم پہلے کاغذ کو صاف پانی سے کسی بڑے بُرش یا اسفنج کے ذریعے گیلا کر دیتے ہیں۔ پھر خشک ہونے سے پہلے اس پر گاڑھے رنگ سے پینٹنگ بناتے ہیں۔ سامنے کی شکل کو دیکھیں اس میں رنگوں کی ایک دوسرے سے آمیزش کس طرح دھندکا تاثر پیدا کر رہی ہے۔ سوچیں کہ آپ اس طریقے کو اپنی پینٹنگ میں کہاں کہاں استعمال کر سکتے ہیں۔

دی گئی پینٹنگز میں (wet in wet) کے تاثر کا مطالعہ کریں۔ آسمان اور موسمی حالتوں کی تصویر کشی کے لیے اس طریقے کو بڑی خوبصورتی کے ساتھ استعمال کیا جاسکتا ہے۔ یہ بھی نوٹ کریں کہ اگر اتفاقاً کچھ سفید دھبے رہ جائیں تو انہیں رنگ دینے کی کوشش نہ کریں جیسے کہ سامنے کی تصاویر میں ہیں۔



سرگرمی: 2.8

ایک 4 x 6 انچ کی مستطیل پر wet in wet طریقے سے مشق کریں۔ کسی چیز کی شکل بنانے کی کوشش نہ کریں صرف اس طریقے کی مشق کریں۔

خشک سطح پر پینٹنگ کرنا (Wet on Dry)

اس طریقے میں خشک سطح پر گیلے رنگ سے پینٹ کیا جاتا ہے۔ گیلی سطح پر پینٹنگ کے برعکس اس طریقے سے بنائی گئی پینٹنگ کے کنارے نمایاں ہوتے ہیں اور اس میں رنگ ایک دوسرے میں نہیں ملتے بلکہ ان کے کنارے واضح ہوتے ہیں۔

سنگاپور کے مشہور پینٹر ''این جی وون لیم'' کی بنائی ہوئی پینٹنگ کا مشاہدہ کریں کس طرح اس نے پینٹنگ میں اس طریقے کو استعمال کیا ہے۔

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

نیچے دیے ہوئے فن پاروں میں دونوں طریقوں (گیلے اور خشک سطح) کے تاثرات کا بغور مطالعہ کریں۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ان فن پاروں میں ان طریقوں کا استعمال کہاں کہاں ہوا ہے؟ یہ بھی بتائیں کہ ان میں کون کون سے اشکال جزوی طور پر ان دو طریقوں سے بنائی گئی ہیں۔

گیلی سطح پر گیلے پینٹ سے بنائے گئے فن پارے میں کسی چیز کا غیر واضح سا عکس دکھائی دیتا ہے۔

خشک سطح پر گیلے پینٹ سے بنائے گئے فن پارے میں اجسام واضح اور تفصیل سے دکھائی دیتے ہیں۔

واٹر کلر میں سفید موی پنسل یا موم بتی کا استعمال (Painting with white Crayon or Candle)

(a)

پہلا مرحلہ:

کاغذ پر سفید موی پنسل یا موم بتی سے بے ترتیب لکیریں کھینچیں۔



(b)

دوسرا مرحلہ:

اب کاغذ پر ایک بڑے برش کی مدد سے پہلے سے تیار شدہ کسی بھی گہرے رنگ کی تہہ چڑھا دیں۔ آپ دیکھیں گے کہ جہاں جہاں پر موی پنسل سے موم لگا ہوا ہو وہاں پر آبی رنگ نہیں چڑھے گا۔ جس سے سطح کی بناوٹ بڑی دلچسپ نظر آتی ہے۔

(c)

چھینٹے لگانا (Spattering)

اس طریقے میں کسی سطح پر ٹوتھ برش کے ذریعے رنگ کے چھینٹے لگائے جاتے ہیں

(a)



(b)

اس مقصد کے لیے ہمیشہ گاڑھا رنگ استعمال کریں۔

کیا ہم کسی دوسری چیز کے ذریعے چھینٹے لگا سکتے ہیں؟ دوسری چیزوں کے ساتھ تجربہ کر کے تاثر میں فرق معلوم کریں۔

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

سرگرمی: 2.9

اپنی سکیچ بک میں موی پنسل سے پینٹنگ کرنا اور چھینٹے لگانے والے طریقوں کی مشق کریں۔

خود آزمائی (Self Assessment)

- واٹر کلر شیٹ کو کیوں پھیلایا جاتا ہے؟
- Thirsty Brush کیا ہوتا ہے؟
- واٹر کلر کو کیسے ہلکا کیا جاتا ہے؟
- گیلے پر گیلا (Wet in wet) سے کیا مراد ہے؟
- چھینٹے لگانا کیا(Spattering) ہوتا ہے؟

2.9 روشنی، شیڈ اور سایہ (Light, Sahde and Shadow)

نیچے دی گئی تصویر کو دیکھیں نوٹ کریں کہ پہلی تصویر "a" چپٹی یعنی دو جہتی (2D) جبکہ دوسری تصویر "b" ٹھوس یعنی سہ جہتی (3D) دکھائی دے رہی ہے۔



سرگرمی: 2.10

درج بالا تصاویر میں ہلکے اور گہرے رنگوں کا بغور مطالعہ کریں۔ شکل "a" کو "b" کی طرح شیڈ کریں اور تیر کا نشان لگا کر روشنی کی سمت دکھائیں۔

شیڈنگ کے ذریعے ہی ہم دو جہتی (2-D) شکل کو سہہ جہتی (3-D) شکل کے طور پر دکھا سکتے ہیں

درج بالا اشکال میں ٹون کا روشنی کے سمت اور اجسام کی شکل کے لحاظ سے بغور مطالعہ کریں۔
کسی بھی چیز کو شیڈ کرنے سے پہلے شیڈنگ کے چند بنیادوی طریقوں کی مشق ضروری ہے۔

درج بالا شیڈنگ کے طریقوں کی اچھی طرح مشق کرنے کے بعد درج ذیل تصویروں کا مطالعہ کریں اور دیکھیں کہ ایک ہی سلنڈر کو کس طرح مختلف طریقوں سے شیڈ کیا گیا ہے۔



Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

سرگرمی: 2.11

اوپر دیے گئے شیڈنگ کے طریقوں کی مشق کریں۔ سکیچ بک میں پانچ گلاس ایک جیسے بنائیں اور ایک کے علاوہ باقی گلاسوں کو اوپر دی گئی طریقوں کے مطابق شیڈ کریں۔ پانچویں گلاس کو کسی نئے طریقے سے شیڈ دیں۔

نیچے دی ہوئی ڈرائنگ کا بغور مطالعہ کریں اور دیکھیں کہ کس طرح لکیروں کے ذریعے شیڈ کیا گیا ہے۔ اس کو چارخانو (Cross Hatching) کا طریقہ کہتے ہیں۔

اگر ہم اس ڈرائنگ سے گہرے ٹون کا منظر ہٹادیں تو اس کا کیا اثر پڑے گا۔ کلاس میں بحث کریں۔

روشنی کی سمت تبدیل کرنے سے اجسام کے شیڈ اور چیزوں کے سائے میں بھی تبدیلی آتی ہے۔ مثال کے طور پر درج ذیل تصاویر پر غور کریں۔



(1)

اس پورٹریٹ کے سر پر روشنی پڑ رہی ہے جو سائے کو نمایاں کرتا ہے ایسی روشنی کسی پورٹریٹ کو بہت سنسنی خیز بناتی ہے۔

(2)

اس پورٹریٹ پر روشنی دائیں طرف سے پڑ رہی ہے۔ اس قسم کی روشنی پورٹریٹ کے لیے موزوں ہوتی ہے۔ اس سے پورٹریٹ قدرتی دکھائی دیتا ہے اور سایہ بھی ہلکا ہوتا ہے۔

(3)

اس پورٹریٹ کا سر ٹھوڑی کے نیچے سے روشن ہے جس سے چہرے کے اوپر والے حصوں پر گہرا سایہ نسبتاً زیادہ ہے یہ ایک پراسرار تاثر دیتا ہے۔ اور زیادہ قدرتی دکھائی نہیں دیتا۔

سرگرمی: 2.12

کسی چیز کو ایک تاریک کمرے میں میز پر رکھیں اور ایک ٹارچ لے کر مختلف زاویوں سے اس پر روشنی ڈالیں اور اس کے سائے کی شکل و سائز میں تبدیلی نوٹ کریں۔

کیا کسی چیز کا سایہ ہمیشہ اس کے مشابہ ہوتا ہے؟

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

2.10 کھردراپن / ٹیکسچر (Texture)

کسی جسم کی سطح کی وہ خصوصیت جو چھونے (Touch) سے محسوس کی جاسکتی ہو اسے کھردراپن کہتے ہیں۔مثلاً اگر آپ بند آنکھوں سے بھی مختلف چیزوں کو چھولیں تو آپ بتا سکتے ہیں کہ ان کی ساخت یا بناوٹ کیسی ہے۔

سرگرمی: 2.13

ایک میز پر گتے اور ریگ مال کے ایک ہی سائز کے دو ٹکڑے رکھیں اب آنکھیں بند کرلیں اور دونوں کو ہاتھ سے رگڑیں کیا آپ کو دونوں میں فرق محسوس ہوا؟ اگر ان کی جگہ تبدیل کردی جائے تو کیا آپ صرف چھونے سے ان کو پہچان سکیں گے؟

سرگرمی: 2.14

کاغذ کے کچھ صفحات لیں اور مختلف ٹیکسچر والی سطحوں مثلاً پلستر شدہ دیوار، پتھر، درخت کا تنا، ریگ مال، ہارڈبورڈ کی پُشت، جالی وغیرہ پر رکھیں اب اس پر پنسل رگڑیں جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے اس طرح ان سطحوں کا ٹیکسچر کاغذ کے صفحوں پر منتقل ہوجائے گا۔ اب رنگ دار پنسلوں سے اس عمل کو دہرائیں۔





سرگرمی: 2.15

مختلف سکوں کو کاغذ کے نیچے رکھ کر اُوپر پنسل رگڑیں۔



لامس اور بصری ٹیکسچر (Tactile and Visual Texture)

وہ ٹیکسچر جو چھونے (لمس) سے محسوس کی جاسکتی ہو لامس (Tactile Texture) کہلاتی ہے۔اسے حقیقی ٹیکسچر بھی کہتے ہے۔ جبکہ بصری ٹیکسچر کو صرف دیکھا جاسکتا ہے۔ یہ لمس سے محسوس نہیں کیا جاسکتا۔

سرگرمی 2.14 اور 2.15 کے نتیجے میں بننے والی ٹیکسچر کو چھولیں۔ کیا آپ بتاسکتے ہیں کہ یہ بصری ٹیکسچر ہیں یا لامس؟

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

لامس ٹیکسچر تیار کرنا (Preparing Tactile Texture)



ضروری اشیاء

گتے کا ٹکڑا، گلو، ریت، لکڑی کا برادہ، چینی، چائے کی پتی، چاول۔

طریقہ:۔

گتے کے ٹکڑے پر اچھی طرح گلو لگادیں۔ اب اس کی سطح پر ریت، لکڑی کا برادہ، چینی وغیرہ لگادیں تقریباً بیس منٹ تک خشک ہونے دیں۔ آپ کے پاس مختلف لامس ٹیکسچر والی خوبصورت سطح تیار ہیں۔





کیا آپ بند آنکھوں سے چھوکر الگ الگ ٹیکسچرز کے بارے میں بتاسکتے ہیں؟ اس طرح کی دوسری اشیاء بھی استعمال ہوسکتی ہے۔

بصری ٹیکسچر تیار کرنا (Making Visual Textures)

ٹیکسچر کو بنایا یا پینٹ بھی کیا جاسکتا ہے۔ مندرجہ ذیل ٹیکسچرز کو دیکھیں اور بنائیں۔













Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

مندرجہ ذیل پینٹنگز میں ٹیکسچر کے استعمال کا بغور مشاہدہ کریں۔

NOT FOR SALE

خود آزمائی (Self Assesment)

- ہموار سطح پر دو جہتی (2D) شکل سہ جہتی (3D) کیسے دکھائی جا سکتی ہے؟ وضاحت کریں۔
- چار خانوں (Cross hatcting) سے کیا مراد ہے؟
- ٹیکسچر کسے کہتے ہے؟
- لامس (Tactile) ٹیکسچر کیا ہے؟
- بصری (Visual) ٹیکسچر کیا ہے؟
- ڈرائنگ میں ٹیکسچر کا کیا کردار ہے؟

NOT FOR SALE

awazeinqilab.com
Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

باب نمبر 3

ڈرائنگ کا اطلاق
(Application of Drawing)

اس باب کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- سٹینسل ڈیزائن (Stancil Design) بنا سکیں۔
- ماڈل (Model) بنا سکیں۔

3.1 دیے گئے ڈیزائن سے سٹینسل بنانا (Making Stencil from a given Design)

پہلا مرحلہ

نقل اُتارنا (Tracing)

ٹریسنگ کاغذ پر صفائی کیساتھ کوئی ڈیزائن اُتاریں۔

دوسرا مرحلہ

منتقل کرنا (Transfering)

ٹریسنگ کاغذ کو ایک سخت شیٹ پر ٹیپ کے ذریعے چسپاں کریں تا کہ یہ کام کرتے وقت اپنی جگہ پر قائم رہے۔ اب ڈیزائن کے لکیروں کے اُوپر پنسل یا خالی بال پوائنٹ دباؤ کے ساتھ پھیریں تا کہ ڈیزائن نیچے سخت شیٹ پر منتقل ہو جائے۔

تیسرا مرحلہ

کٹائی (Cutting)

سخت شیٹ کو شیشے کی تختی یا ڈرائنگ بورڈ کے اوپر رکھیں اب تیز چاقو یا کٹر (cutter) کے ذریعے احتیاط کیساتھ ڈیزائن کو کاٹ لیں یہ کام ممکنہ حد تک صفائی اور درستگی کے ساتھ کریں۔ آپ کا سٹینسل تیار ہے۔ اب اسے اپنی مرضی کی سطح پر لگائیں اور بُرش یا سپرے کے ذریعے رنگ لگا کر پرنٹ حاصل کریں۔

awazeinqilab.com
Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

سرگرمی : 3.1

5x5 انچ کے تین ڈیزائن تیار کریں۔

سرگرمی : 3.2

نیچے دیئے گئے ڈیزائنوں میں سے کسی ایک ڈیزائن کا سٹینسل تیار کریں۔

سٹینسل کو کہاں استعمال کیا جاسکتا ہے؟ کلاس میں بحث کریں۔

مندرجہ ذیل تصاویر کو دیکھیں کہ کس طرح دیواروں کو سجانے کیلئے سٹینسل استعمال کیا گیا ہے۔

سرگرمی نمبر : 3.3

جب آپ سٹینسل استعمال کرتے ہیں تو آپ کسی عکس کی مثبت رقبہ (Positive Area) کو پینٹ کرتے ہیں۔ آیئے اپنے ہاتھ کو منفی سٹینسل کے طور پر استعمال کرتے ہیں اپنے ہاتھ کو اپنے ڈرائنگ کی کاپی پر رکھیں اور اس کے اوپر رنگ کا سپرے کریں۔ آسانی کیلئے آپ اپنے دوست کا ہاتھ بھی استعمال کرسکتے ہیں۔

کیا ہم سخت شیٹ کا منفی سٹینسل بناسکتے ہیں، اگر ہاں تو کیسے؟

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

3.2 ماڈل سازی (Model Making)

ماڈل بنانے کے لیے ہم بہت سی چیزیں استعمال کر سکتے ہیں مثلاً مٹی، پلاسٹر آف پیرس، گتہ، آٹا وغیرہ

کارڈ بورڈ (گتہ) سے مکعب (cube) بنانا۔

ضروری اشیاء:
کارڈبورڈ، جیومیٹری بکس، گلو، کٹر۔



1۔ اس شکل کو پیمائش کے مطابق کارڈ بورڈ پر بنائیں۔



2۔ شکل کے مطابق کنارے بنائیں اور اس کو کارڈ بورڈ سے کاٹ دیں۔



3۔ نقاطی لکیروں پر تہہ کریں۔ صفائی سے تہہ کرنے کیلئے پیمانہ رکھ کر تہہ کریں۔



4۔ سایہ شدہ جگہوں پر گلو لگائیں۔

اب اسے نیچے دیے گئے شکل کے مطابق تہہ کریں۔ سایہ شدہ جگہوں کو ترتیب کیساتھ تہہ کر کے اچھی طرح چپکا لیں جیسے نیچے اشکال میں دکھایا گیا ہے چند منٹ خشک ہونے دیں جب تمام اطراف تہہ ہو جائیں تو تقریباً آدھا گھنٹہ مکمل خشک ہونے دیں۔



مکعب نما (cubiod) بنانے کیلئے چند اطراف کو لمبا کاٹ لیں جیسا کہ نیچے شکل میں دکھایا گیا ہے۔



تکونی پیندے والا مخروط (Pyramid with Triangular Base)

طریقہ



1۔ ایک کارڈ بورڈ پر متماثل الاضلاع تکون بنائیں جس کے ہر ضلع کی لمبائی 18 انچ ہو اب ہر ضلع کا نصف لیں اور اُس جگہ پر نقطہ لگائیں۔ تینوں نقاط کو نقطہ دار لکیر کے ذریعے ملائیں۔

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com



2۔ گلو لگانے کے لیے شکل کے مطابق اضافی کنارے بنائیں۔ شکل کو کناروں سے کاٹ کر کارڈ بورڈ سے الگ کرلیں۔

3۔ اب اس کو شکل کے مطابق نقطہ دار لکیروں پہ تہہ کرلیں اور تمام اطراف پر گلو لگا کر خشک ہونے کا انتظار کریں۔



ایک مربع پیندے والی مخروط خود بنانے کی مشق کریں۔

خود آزمائی (Self Assessment)

- ٹریسنگ (Tracing) کسے کہتے ہیں؟
- سٹینسل کیا ہے؟
- ایک سٹینسل سے ہم کتنے پرنٹ حاصل کرسکتے ہیں؟
- منفی سٹینسل سے کیا مراد ہے؟
- متماثل الاضلاع تکون کسے کہتے ہیں؟

NOT FOR SALE

باب نمبر 4

مشاہدہ کرنا اور اُسے حقیقت میں لانا
(Observation and Actualization)

اس باب کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- ڈرائنگ میں زاویوں کا مشاہدہ کرسکیں۔
- سٹل لائف (Still life) کا مشاہدہ اور سکیچ کرسکیں۔

NOT FOR SALE

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

4.1 مشاہدہ کرنا (Observation)

ڈرائنگ کے لیے گہرا مشاہدہ بہت ضروری ہے۔ ہمیں سکیچ کرتے وقت ماڈل کے تمام پہلوؤں کا بغور مشاہدہ کرنا چاہیے جس کے لیے ماڈل کو پہلے چند منٹ تک غور سے دیکھیں۔ پچھلی جماعت میں ہم نے ماڈل بنانے کیلئے عمودی اور افقی لکیروں کے متعلق سیکھا۔ اس باب میں ہم وتری اور ترچھی لکیروں پر توجہ مرکوز کریں گے۔

نیچے دی گئی شکل "a" کو اپنی سکیچ بک میں بنائیں۔



اب اپنی ڈرائنگ خود چیک کریں۔ اوپر شکل "b" کے مطابق اپنی ڈرائنگ میں نقطہ دار عمودی اور افقی لکیریں کھینچیں اور دیکھیں کہ کیا شکل کے مطابق نقطہ دار اُفقی لکیر اور شکل کے نچلی اُفقی لکیر کی لمبائی مساوی ہے؟

سرگرمی : 4.1

درج ذیل اشکال کو اپنی سکیچ بک میں سکیچ کر کے اپنے استاد سے چیک کروائیں۔



NOT FOR SALE

آپ نے دیکھا ہوگا کہ وتری لکیروں کو صحیح طرح پرکھنا مشکل ہے۔ ان سادہ لکیروں کی ڈرائنگ کا مقصد آپ کی توجہ خاکہ کشی میں زاویوں کی اہمیت کی جانب مبذول کرانا تھا۔ زاویے کھینچنے کی زیادہ سے زیادہ مشق کریں۔

سرگرمی : 4.2

اپنے ڈرائنگ کی کاپی اور پنسل تیار رکھتے ہوئے اپنے سامنے کسی بھی چیز میں زاویوں کا بغور مشاہدہ کریں۔ چیزوں کو نہ بنائیں بلکہ مختلف زاویوں کے لیے صرف ایک سیدھی لکیر کھینچیں۔ ذیل میں دی گئی تصاویر سے آپ کو مدد ملے گی۔



NOT FOR SALE

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

سرگرمی نمبر 4.2 سے آپ کو اندازہ ہوا ہوگا کہ ماڈل سے ڈرائنگ بنانا تصویر سے بنانے کے نسبت زیادہ مشکل ہے بعض اوقات حقیقی چیزوں/ماڈل کی ڈرائنگ میں آپ کسی لکیر کے زاویے کو صحیح طرح نہیں پرکھ سکتے خوش قسمتی سے اس پیچیدہ مسلے کا ایک نہایت سادہ حل ہے۔

ماڈل سے کم از کم 6 فٹ کے فاصلے پر پنسل کو بالکل افقی یا عمودی حالت میں اس طرح پکڑیں کہ اس کا ایک سرا اُس مبہم لکیر کو چھو لے جیسا کہ نیچے دی گئی تصویر میں دکھایا گیا ہے۔اب آپ آسانی کے ساتھ زاویے کی پیمائش کر سکتے ہیں۔

اس بات کا خیال رکھیں کہ پیمائش لیتے وقت بازوں میں خم نہ آئے اور مخالف آنکھ بند رکھیں۔

ماڈل سے ڈرائنگ کرنا تصویر سے ڈرائنگ کرنے کے مقابلے میں مشکل کیوں ہے؟ کلاس میں بحث کریں۔

خود آزمائی (Self Assesment)

- وتری لکیریں کیا ہیں؟
- عمودی لکیر اور وتری لکیر میں سے کون سی لکیر کو صحیح زاویے پر کھینچنا مشکل ہے؟
- کون سی چیز سے ڈرائنگ کرنا مشکل ہے۔تصویر سے یا ماڈل سے؟
- کیا آپ نے پنسل کے ساتھ کسی زاویے کے لکیر کا موازنہ کرنا اچھی طرح سیکھ لیا؟

4.2 سٹل لائف: (Still Life)

1- آئیں اب دیکھتے ہیں کہ سٹل لائف کا مشاہدہ اور ڈرائنگ کیسے کی جاتی ہے۔کوشش کریں کہ اس مقصد کے لیے سادہ اور کم تعداد میں چیزیں منتخب کریں اور ان کو دلچسپ طریقے سے ترتیب دیں۔ خیال رکھیں کہ روشنی بائیں یا دائیں طرف اوپر سے آرہی ہو۔



2- ہلکے اور ڈھیلے انداز میں اشیاء کا خاکہ کھینچیں۔ اشیاء کی جسامت کا آپس میں تعلق اور ان میں موجود زاویوں کو خصوصی توجہ دیں۔ نوٹ کریں کہ ایک ٹھوس لکیر کی بجائے کئی آزاد لکیریں کھینچی گئی ہیں۔ اس طریقے سے ڈرائنگ کرنا زیادہ آسان اور آرام دہ ہے۔ اس کے علاوہ اس سے چھوٹی چھوٹی غلطیاں بھی چھپ جاتی ہیں۔



3- اس مرحلے میں لکیروں کا اضافہ کیا گیا ہے اور سایوں کا تعین کیا گیا ہے۔ غور کریں ۔ یاد رکھیں کہ اگر صرف لکیروں کو درست سمت میں کھینچا جائے تو یہ بھی سہ جہتی (3D) تاثر دیتی ہیں۔

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

4۔ آخری مرحلے میں ہم تصویر کو شیڈ کرتے ہیں۔ روشنی کی سمت اور چیزوں کے سایوں کا بہت خیال رکھیں چند تاریک مقامات پر نہایت گہرے شیڈ کی وجہ سے تصویر ٹھوس اور وزن دار دکھائی دیتی ہے ۔

رنگ دار پنسلوں سے پیاز کی ڈرائنگ بنانا (Drawing an Onion in Pencil Colours)



1۔ پیاز کی ایک گٹھلی لے کر اس کی شکل کو پوری تفصیل کے ساتھ بنائیں۔ اس پر موجود سمتی لکیروں کو خصوصی توجہ دیں۔

2۔ یہاں پر بینگنی رنگ کے کچھ بنیادی شیڈز دیے گئے ہیں۔ روشنی کی سمت اور سایہ بھی دکھایا گیا ہے جسے عموماً آخر میں دکھایا جاتا ہے۔لیکن یہاں دینے کا مقصد یہ ہے کہ ہمیشہ کچھ مقرر کردہ اصولوں پر چلنا ضروری نہیں ہم جس طریقے سے چاہیں کام کرسکتے ہیں۔



(Reflected light) منعکس روشنی

3۔ رنگ گہرا بنانے کے لیے بینگنی رنگ کے اوپر سرخ رنگ کا شیڈ دیں۔ روشن حصہ اب مزید نمایاں ہوگیا۔سیدھی لکیروں کے بجائے پیاز کے جسم کی سمت میں شیڈ کریں۔
منعکس روشنی (Reflected Light) کو نوٹ کریں۔سرخ رنگ کی ایک تہہ پیاز کے پڑنے والے سائے کو بھی دیں۔

(Cast Shadow) کاسٹ شیڈو

4۔ اب پورے پیاز (بشمول روشن حصے) کو ہلکا نارنگی رنگ دیں۔ پیاز کے سایے کو نارنگی رنگ کی گہری تہہ دیں جس سے یہ اور بھی گہرا ہوجائے گا۔ بعض مقامات کو زیادہ گہرا کرنے کے لیے اس میں گہرا بھورا رنگ بھی شامل کیا جاتا ہے۔



5۔ آخر میں سبز اور گہرے بھورے رنگ کو آپس میں ملاکر سب سے گہرے مقامات پر لگائیں۔ جہاں روشنی پہنچ رہی ہے ان جگہوں کو زرد (Cadmium Yellow) رنگ دیں۔

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

خود آزمائی (Self Assesment)

- سٹل لائف پر کون سی سمت سے روشنی پڑنی چاہیے؟
- ابتداء میں ہم ہلکا خاکہ کیوں کھینچتے ہیں؟
- سٹل لائف کا سکیچ کرتے وقت ہمیں کن باتوں کو خصوصی توجہ دینی چاہیے؟
- کاسٹ شیڈو (Cast Shadow) کیا ہے؟
- منعکس روشنی (Reflected Light) کسے کہتے ہیں؟

باب نمبر 5
ابلاغ اور نمائش
(Communication and Exhibition)



اس باب کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- ڈرائنگ کو بطور ابلاغ استعمال کرسکیں۔
- پورٹ فولیو (Port Folio) تیار کرنا اور سجانا سیکھ سکیں۔
- رنگین پینٹنگ کو حاشیہ لگاسکیں اور فریم کرسکیں۔

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

5.1 ابلاغ بذریعہ آرٹ (Art Communication)

ڈرائنگ ایک ایسا مضمون ہے۔جس کے ذریعہ تصورات اور تخیلات کا اظہار الفاظ کی بجائے لکیروں اور اشکال کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ یہ انسان کو بااصول اور صحیح کام کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔ اور انسان کے ذہن میں خوش اسلوبی پیدا کرتا ہے۔اس کو لکیروں کی زبان کہتے ہیں۔ اور یہ زبان دنیا کے ہر ملک میں بولی اور سمجھی جاتی ہے۔

پہلا تاثر (First Impression)

ڈرائنگ یا کسی بھی چیز کے متعلق ہمارا پہلا ردِعمل بہت اہم ہوتا ہے۔ آزادی کے ساتھ اپنی رائے کا اظہار کریں اور اس کو ذہن میں رکھیں، یا لکھ لیں یاد رکھیں کہ آرٹ کے متعلق کوئی ایک صحیح خیال یا جواب نہیں ہوتا جب بھی آپ کسی نئے آرٹ ورک (فن پارے) کو دیکھیں تو سوچیں کہ آرٹسٹ اس کے ذریعے کوئی پیغام دینا چاہتا ہے یا اس کے تخلیق کے پیچھے کچھ وجوہات ہیں۔ یہ بھی سچ ہے کہ ایک ہی آرٹ ورک کے متعلق مختلف لوگوں کے مختلف ردِعمل ہوتے ہیں اور ان میں کوئی صحیح اور غلط نہیں ہوتے البتہ یہ ردِعمل مخلصانہ اور غیر مخلصانہ ہوسکتے ہیں۔ پس کسی بھی آرٹ ورک کے متعلق آپ جو کچھ سوچتے اور محسوس کرتے ہیں وہ تب ٹھیک ہوں گے جب تک وہ مخلصانہ نہ ہو۔

نیچے ایک طالب علم کی بنائی ہوئی ڈرائنگ کو دیکھیں۔اور دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔

1- اس ڈرائنگ کا آپ پر پہلا تاثر کیا تھا۔
2- تین الفاظ میں تصویر کو بیان کریں۔
3- لڑکے کا موڈ کیسا ہے؟
4- آپ کے خیال میں لڑکے کا کیا مسئلہ ہوسکتا ہے؟
5- کیا یہ آپ کو اپنی زندگی کا کوئی وقت یاد دلا رہا ہے؟ بیان کریں۔

6- اُن خدوخال کو بغور تلاش کریں جس کی وجہ سے لڑکے کے چہرے پر پریشانی کے تاثرات ہیں۔
7- کیا آپ سمجھتے ہیں کہ لڑکے کی تصویر کاغذ کی نسبت بہت بڑا ہے؟
8- کیا آپ اس سے متفق ہیں کہ بظاہر یہ ایک بہت اچھا کمپوزیشن نہیں (لڑکے کو بہت نزدیک لایا گیا ہے) اسی وجہ سے خاکے کا تاثر شدید تر ہوگیا ہے۔
9- اگر آرٹسٹ ڈھیلے اور ٹوٹی ہوئی لکیروں کی بجائے خاکہ کھینچنے کے لیے ایک ہی ٹھوس لکیر کھینچتا تو کیسا لگتا؟
10- اگرچہ ہم لڑکے کے جسم کا نچلا حصہ نہیں دیکھ سکتے پھر بھی ایسا لگتا ہے کہ وہ کرسی پر بیٹھا ہوا ہے ایسا کیوں معلوم ہوتا ہے؟
11- کیا اس تصویر کو شیڈ کرنا چاہیے تھا؟ اپنے جواب کی حمایت میں دلائل دیں۔

اپنے جوابات کو دوبارہ پڑھیں اب آپ آسانی کے ساتھ اس تصویر کے متعلق ایک پیراگراف لکھ سکتے ہیں۔ اپنے تنقیدی تجزیے کو کلاس میں باآواز بلند پڑھیں اور دوسرے طلباء کو بھی سنیں۔ کیا آپ سمجھتے ہیں کہ اس خاکے کے تنقیدی جائزے کے بعد آپ اسے بہتر طور پر سمجھ گئے ہیں۔

سرگرمی : 5.1

سامنے دی گئی ڈرائنگ کے لیے پانچ سوال لکھیں؟

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

5.2 آرٹ ورک (فن پاروں) کو محفوظ رکھنا (Maintining of Art Work)

آرٹ ورک بہت قیمتی ہوتا ہے اس کی قیمت ہزاروں لاکھوں ،کروڑوں روپے سے بھی زیادہ ہوتی ہے۔اس لیے اس کو محفوظ اور برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے۔آپ کے آرٹ ورک کی اگرچہ اس وقت شاید کوئی مالی قیمت نہ ہو پھر بھی یہ آپ کے لیے بہت قیمتی ہے۔آرٹ ورک کو برقرار اور محفوظ کرنے کا سب سے بہتر طریقہ اس کو فریم کرنا اور آویزاں کرنا ہے۔مگر ایک آرٹسٹ اپنے تمام فن پاروں کو فریم نہیں کرسکتا کیونکہ اس کے پاس خام خاکوں کا ایک ڈھیر ہوتا ہے۔ان کو ایک بستے (Port Folio) میں بہتر طریقے سے محفوظ رکھا جاسکتا ہے۔

پورٹ فولیو (Port Folio)

یہ ایک قسم کا بستہ ہوتا ہے جس میں آرٹسٹ اپنے غیر فریم شدہ فن پارے محفوظ کرتا ہے اس طرح کام ضائع ہونے سے محفوظ رہتا ہے۔یہ بازار میں دستیاب ہے۔آپ اسے خود بھی بنا سکتے ہیں۔

پورٹ فولیو بنانا اور سجانا (Making and Decorating Art Protfolio)

آپ نے جماعت ششم میں پورٹ فولیو بنانا سیکھا ہوا ہے۔یہاں آپ اس کو سجانے کا آسان طریقہ سیکھیں گے۔

درکار اشیاء

رنگین شیٹیں، ایک لمبا پیمانہ، کٹر اور گلو وغیرہ۔

-1 رنگین شیٹ کے ایک ہی سائز کی پٹیاں کاٹیں اور اپنے بستے پر لگائیں احتیاط کے ساتھ بالکل صحیح سائز اور صاف کٹائی کریں اور یکساں فاصلوں کے ساتھ لگائیں۔



-2 نیچے دیئے گئے ڈیزائن پر غور کریں۔آپ کے خیال میں یہ کس طرح بنے ہیں۔کلاس میں بحث کریں۔

اہم بات (Important)

آپ ہزاروں لاکھوں قسم کے نمونے (Patterns) بنا سکتے ہیں۔لیکن کوشش کریں کہ اپنے ذہن سے کوئی ڈیزائن تخلیق کرکے اپنے بستے کو سجائیں۔

اوپر دیئے گئے ڈیزائن صرف آپ کی رہنمائی کے لیے دیے گئے ہیں۔ان کی نقل نہ کریں۔

آپ چند بے قاعدہ ڈیزائن اور لکیریں بھی بنا سکتے ہیں۔

سرگرمی : 5.2

پورٹ فولیو بنائیں اور اپنے تخلیق کردہ ڈیزائن سے اسے سجائیں۔کتاب یا کسی دوست سے نقل نہ کریں۔

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

5.3 حاشیہ لگانا اور فریم کرنا (Matting and Framing)

پچھلی جماعت میں آپ نے سادہ پینٹنگ (Black and White) کو فریم کرنے کے متعلق کچھ بنیادی باتیں سیکھی ہیں۔ یہاں پر آپ رنگین پینٹنگ کو فریم کرنا سیکھیں گے مثال کے طور پر دائیں طرف کے پینٹنگ کو لیں۔ سب سے پہلے ہم یہ دیکھیں گے کہ اس کے ساتھ کس قسم کا حاشیہ مناسب رہے گا۔



آپ کو کون سی پینٹنگ زیادہ پسند آئی؟ کیا آپ کے خیال میں یہ سارے حاشیے جچتے ہیں۔ یاد رکھیں! سیاہ حاشیہ تقریباً ہر رنگ کے ساتھ جچتا ہے۔ لیکن جب بات رنگوں کی آتی ہے تو ہمیں احتیاط کرنی چاہیے کیونکہ ہر رنگ ہمارے پینٹنگ پر نہیں جچے گا۔ اب درج ذیل تصاویر کو دیکھیں۔



Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

ان تصاویر کے حاشیے / پس منظر بہت اچھے نہیں ہیں کیونکہ یہ بہت چمکدار اور آنکھ میں چھبنے والے ہیں۔اب ہم ان میں سے ایک تصویر منتخب کرتے ہے اور دیکھتے ہیں کہ کس طرح ہم اس کا حاشیہ زیادہ دلچسپ بناسکتے ہیں۔ ہم نیلگوں سلیٹی رنگ (Bluish Gray) منتخب کرتے ہیں۔اس کو مندرجہ ذیل تبدیلیوں کے ساتھ زیادہ دلچسپ بنایا گیا ہے۔

1۔ پینٹنگ کو تھوڑا سا اُونچا رکھا گیا ہے۔
2۔ تصویر کے اردگرد ایک پتلی سیاہ لکیر کا اضافہ کیا گیا ہے۔
3۔ سیاہ لکیر کے اردگرد تھوڑے فاصلے پر سفید موٹی لکیر کا اضافہ کیا گیا ہے۔
4۔ سادہ ہموار شیٹ کی بجائے کھردری (Textured) شیٹ استعمال کی گئی ہے

آخر میں اسے ایک سادہ اور مناسب رنگ کے فریم میں لگایا گیا ہے۔
کیا یہ اب پہلے سے زیادہ دلکش نظر نہیں آرہا۔

وقت کی تنظیم کا فن (Time Management Skills)

آپ کو اپنے کام کے بہترین نتائج تب ملیں گے۔ جب آپ وقت کو مناسب طریقے سے تقسیم کریں گے ۔ دن میں چوبیس گھنٹے ہوتے ہیں اس وقت کو صحیح طریقے سے استعمال کرنا بہت اہمیت کا حامل ہے اگر آپ اپنے وقت کو منظم طریقے سے استعمال کریں گے تو آپ ہر دن سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اُٹھا سکیں گے۔

وقت کے تنظیم کیلئے تجاویز (Tips for Managing Your Time)

1۔ سنجیدگی (Seriousness)

وقت کو سنجیدگی سے لیں ۔ کامیابی کے لیے وقت کو سنجیدگی کے ساتھ استعمال کرنا بہت ضروری ہے۔ کام کے دوران غیر ضروری سرگرمیوں سے پرہیز کریں اور اپنے کام کو مقررہ کردہ وقت کے اندر ختم کریں۔

2۔ خواہشات نہیں مقاصد (Goals, not wishes)

آپ کلاس میں اس وقت تک اول پوزیشن حاصل نہیں کرسکتے جب تک آپ اپنے لیے مقصد کا تعین نہیں کرتے آپ کا مقصد واضح ہونا چاہیے۔ مثلاً آرٹسٹ بننا ایک واضح مقصد نہیں ہے یہ ایک خواہش ہے صحیح معنوں میں آرٹسٹ بننے کے لیے آپ کو دن میں کم از کم تین سکیچز بنانے ہوں گے اور اس کے لیے وقت کو منظم طریقے سے استعمال کرنا بہت ضروری ہے۔

3۔ قابل حصول مقاصد (Attainable Goals)

آپ کے مقاصد قابل حصول ہونے چاہیے ۔ روزانہ تین ڈرائنگ آسانی کے ساتھ بنائے جاسکتے ہیں۔لیکن دن میں تیس ڈرائنگ اگرچہ ناممکن تو نہیں لیکن اس مقصد کے حصوں کے امکانات بہت ہی کم ہیں۔ اس لیے اپنے لیے ایسے مقاصد رکھیں جسے آپ آسانی کے ساتھ اور مقرر کردہ وقت کے اندر حاصل کر سکتے ہوں۔

Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com

Downloaded from awazeinqilab.com

مومن تو آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ تو اپنے دو بھائیوں میں صلح کرا دیا کرو
اور اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

(سورۃ الحجرات:۱۰)

ناپ اور تول انصاف کے ساتھ پوری پوری کیا کرو۔

(سورہ ہود: آیت ۸۵)

مصنف

فیصل سلطان کو ہزاد تھانہ ضلع ملاکنڈ میں ۱۹۷۷ کو پیدا ہوئے۔ آپ نے MFA کی ڈگری پشاور یونیورسٹی کے ڈیپارٹمنٹ آف آرٹ اینڈ ڈیزائن سے ۲۰۰۳ میں حاصل کی۔ اس کے بعد سے آپ بطور فن کار اور آرٹ کے استاد کے کام کر رہے ہیں۔

awazeinqilab.com
Whatsapp: 03025247378
Download MCQs, Books and Notes for any Subject from Largest website awazeinqilab.com